بلوچی اکیڈمی

خواب سے تعبیر تک

گولڈن جوبلی

1961-2011

اشیر عبدالقادر شاہوانی

بلوچی اکیڈمی کے 50 سال

بلوچی اکیڈمی

خواب سے تعبیر تک

(1961 تا 2011)

تحقیق وتحریر:

اثیر عبدالقادر شاہوانی

بلوچی اکیڈمی کوئٹہ

©

بلوچی اکیڈمی کوئٹہ

کتاب کا نام	:	بلوچی اکیڈمی کے 50 سال
مؤلف	:	اثیر عبدالقادر شاہوانی
کمپیوٹر کمپوزر	:	نذر بلوچ
ڈیزائننگ	:	عزیز جمالدینی
پبلشر	:	بلوچی اکیڈمی کوئٹہ
سال اشاعت	:	2011ء
تعداد	:	500
قیمت	:	250 روپیہ

ISBN: 978-969-8557-89-8

بلوچی اکیڈمی۔ شارع عدالت کوئٹہ

بلوچ دانشوروں کے نام

حُسنِ ترتیب

1۔ حرفِ اول 5

2۔ بلوچ اور بلوچی 6

3۔ بلوچی اکیڈمی خواب سے تعبیر تک 8

o۔ آئین 10

o۔ اکیڈمی کا مونوگرام 10

o۔ نصب العین 11

o۔ اغراض و مقاصد 12

o۔ اکیڈمی کے دانشور (اراکین) 13

o۔ مجلسِ عمومی 15

o۔ مجلسِ منتظمہ 15

o۔ کمیٹیاں 16

o۔ ملازمین و محقق 17

o۔ مالیات 18

4۔ دفاتر و ریسرچ کمپلیکس 19

o۔ کمرے 20

o۔ بیسمنٹ 20

o۔ گراؤنڈ فلور 20

o۔ فرسٹ فلور 20

o- سیکنڈ فلور 20
o- سکالرز لاج 21
o- اکیڈمی کے کمروں کے تاریخی نام 21
5- طباعت کتب 22
o- ویب سائٹ 22
o- معاہدہ اور شرح رائلٹی 23
6- شعبہ وار فہرست کتب 24
o- بلوچی اکیڈمی کی تاریخی اور دیگر مطبوعات 26
o- بلوچی ڈکشنری 35
7- کتب خانہ / لائبریری 36
o- کتب کی تقسیم 37
8- قراردادیں / مطالبات 40
9- تقریبات
10- سلور جوبلی 45
11- عطا شاد ادبی ریفرنس 45
12- افتتاحی تقریب 45
13- ادبی تقریبات 46
سیمینار 49
14- رونمائی کتب 50
15- تعزیتی اجلاس 50
16- گولڈن جوبلی 53
17- دوسری بلوچی عالمی کانفرنس 53

18۔ نامور شخصیات اور دانشوروں کے دورے 57
19۔ اکیڈمی کے بارے میں مہمانوں کے تاثرات 61
20۔ مستقبل کے منصوبے 75
ضمیمے
(الف) اکیڈمی کے کنوینز 77
(ب) پہلی مجلس منتظمہ 78
(ج) بلوچی اکیڈمی کے موجودہ اراکین 79
(د) اعزازی اراکین 82
(ھ) سابقہ اراکین 83
(و) مختلف مجالس منتظمہ 87
(ز) اکیڈمی کے چیئرمین 104
(ح) پاکستانی زبان وادب اور ثقافت کی ترقی وترویج کے بارے میں چیئرمین بلوچی اکیڈمی کا خطاب 111
عطا شاد ادبی ریفرنس
(ط) چیئرمین کی تقریر 115
(ی) وزیر اعلیٰ اختر جان مینگل کا خطاب 120
اکیڈمی کمپلیکس کا رسم افتتاح
(ک) چیئرمین بلوچی اکیڈمی کا خطاب 122
(ل) وزیر اعلیٰ اختر جان مینگل کا خطاب 127
(م) چیئرمین جان محمد دشتی کا الوداعی خطاب 130
(ن) بلوچی اکیڈمی کا آئین 133
(س) بلوچی اکیڈمی کی مطبوعات 161

حرف اول

بلوچی اکیڈمی، بلوچ قوم کا پہلا علمی، ادبی اور ثقافتی ادارہ ہے جو 50 سال سے بلوچی زبان، ادب، ثقافت، تاریخ اور روایات کے فروغ اور ان کے تحفظ کیلئے مسلسل سرگرم عمل ہے۔ اس سلسلے میں اکیڈمی نے بے شمار کتابوں کی طباعت و اشاعت کے علاوہ تاریخی دستاویز کی دوبارہ اشاعت کا اہتمام کیا ہے۔

1995 سے اکیڈمی نے ایک نئی زندگی کا آغاز کیا۔ نوجوان ادیبوں اور دانشوروں کو ممبر شپ دی اور اکیڈمی کو نئے خطوط پر استوار کیا۔ 1999 میں اکیڈمی کے ریسرچ کمپلکس کی تعمیر مکمل ہوئی۔ اب اکیڈمی علم و ادب اور بلوچی زبان کی ترقی و ترویج میں ایک نہایت ہی اہم حیثیت کی حامل ہے اور تمام لوگ اسے علم و ادب کا گہوارہ سمجھتے ہیں۔ میں چالیس سال سے زائد عرصے سے اکیڈمی سے منسلک ہوں اور اس طرح مجھے نہ صرف اس کی کارکردگی کا بخوبی علم ہے بلکہ مجھے اپنے اس قومی ادارے سے والہانہ محبت بھی ہے۔ میری خواہش ہے کہ میں تمام ادباء، شعراء، اہل دانش اور علم دوست حضرات کو اکیڈمی کے قیام سے اب تک کی یعنی 50 سال کے علمی و ادبی سفر کی روداد سے آگاہ کروں۔ یہ کتاب میری ان ہی خواہشات کے پیش نظر شائع کی جا رہی ہے۔

کوئٹہ

جنوری 2011

اثیر عبدالقادر شاہوانی

بلوچ اور بلوچی

بلوچی، پاکستان کی قومی زبانوں میں سے ایک زبان ہے، جو صوبہ بلوچستان کے علاوہ پاکستان کے صوبہ سندھ اور صوبہ پنجاب میں بھی کثرت سے بولی جاتی ہے، جبکہ بیرون ملک متحدہ عرب امارات، کویت، قطر، اور بحرین، افریقہ، یورپ، کینیڈا، امریکہ اور وسط ایشیاء کے ممالک میں بھی بہت سے بلوچ خاندان آباد ہیں۔ بلوچ وطن تین سلطنتوں میں بٹا ہوا ہے۔ ایران اور افغانستان میں بلوچ تعداد میں پاکستانی بلوچوں کے برابر ہیں اور جغرافیائی لحاظ سے بھی اس سے بڑا حصہ ایران اور افغانستان میں شامل ہے۔ بعض ماہرین لسانیات بلوچی کو ہندی و ایرانی زبان سمجھتے ہیں۔ برصغیر کے اکثر ماہرین لسانیات بھی اس رائے کی تائید کرتے ہیں اور بلوچی کو اوستائی زبان کی ایک شاخ کہتے ہیں۔ جبکہ لسانیات کے بعض ماہرین بلوچی کو فارسی سے زیادہ قدیم زبان تصور کرتے ہیں۔

مستند بلوچی روایات کی رو سے بلوچی شاعری کی ابتداء 1450 سے ہوئی اور بلوچی زبان کی تحریر کی ابتداء 1840ء کے بعد بلوچستان پر تسلط جماتے ہی انگریزوں نے اپنی انتظامی ضرورت کے تحت کی۔ یعنی 1840 میں کیپٹن لیچ نے جرنل ایشیاٹک سوسائٹی بنگال میں بلوچی ادب سے متعلق بلوچی اشعار شائع کرائے اور اس کے بعد انہوں نے انگریزی اور رومن رسم الخط میں صرف ونحو، لغات اور بول چال کی کتابیں لکھیں۔ اس سلسلے میں 1874 میں گلیڈ سٹون نے "بلوچی ہینڈ بک" اور 1875 میں ہتورام نے "بلوچی نامہ" مرتب کیا۔ 1877 میں رچرڈ برٹن نے اپنے "سفرنامہ سندھ" کے مقالے میں تین بلوچی شعر شامل کئے۔ 1875 سے 1880 تک لانگ ورتھ ڈیمز نے بلوچی کے جو اشعار جمع کیے تھے ان میں

سے چند اشعار جرنل ایشیاٹک سوسائٹی میں شائع کیے گئے۔ 1891 میں لانگ ورتھ ڈیمز نے بلوچی اشعار سے چند کہانیاں ترتیب دے کر "بلوچی ٹیکسٹ بک" شائع کروائی۔ 1904 میں لاہور سے "دی بلوچ ریس" شائع کی گئی۔ اسی طرح 1905 میں لانگ ورتھ ڈیمز کی جمع کردہ بلوچی کلاسیکی شاعری کا کچھ حصہ رومن رسم الخط میں لکھ کر لندن فوک لور سوسائٹی والوں نے گلاسکو یونیورسٹی پریس سے "دی پاپولر پوئٹری آف دی بلوچز" کے نام سے کتاب ایک ہزار کی تعداد میں شائع کی۔ اس کی مقبولیت کے پیش نظر 1907 میں رائل ایشیاٹک سوسائٹی نے اس کتاب کو دوبارہ شائع کیا۔ جبکہ 1963 میں جسٹس میر خدابخش مری نے اس کتاب کے مواد کو اردو رسم الخط میں تبدیل کر کے اردو ترجمہ کے ساتھ "قدیم بلوچی شاعری" کے نام سے شائع کیا اور 1917 میں بائیبل سوسائٹی پنجاب کے زیر اہتمام "یوحنا" کا بلوچی زبان میں ترجمہ کر کے شائع کیا۔ مکتبہ درخانی (ڈھاڈر) نے بلوچی کتب کی اشاعت کی اور قرآن مجید کے بلوچی میں تراجم چھاپے۔

اکیڈیمک تجربے کا حسین امتزاج رکھنے والا ایک سنجیدہ مدبر اور معاملہ فہم منتظم ولجہ جان محمد دشتی کی صورت میں اکیڈمی کا چیئرمین بنا تو ایسے لگا جیسے چپکے سے ویرانے میں بہار آجائے۔ یکا یک حالات بدلنے لگے۔ اکیڈمی کو حکومت بلوچستان کے فراخدلانہ وسائل کی فراہمی کے ساتھ ساتھ جس وژن کی ضرورت تھی وہ اسے میسر آگیا اور پھر اس فرد واحد نے شبانہ روز محنت اور تدبرو تفکر سے ثابت کردکھایا کہ ماہرانہ قیادت گاڑی کے انجن میں تیل کی حیثیت رکھتی ہے۔ ان کی آمد سے قبل سب کچھ ہونے کے باوجود گاڑی سٹارٹ نہیں ہو رہی تھی۔ ان کی آمد سے ایک عالمی معیار کی گاڑی کے انجن کو تیل ملا تو پھر فوراً اکیڈمی کے جسم میں جان پڑگئی اور زیرک اور پر عزم چیئرمین ولجہ جان محمد دشتی نے ایک سال میں ایک عشرے کا کام کردکھایا اور یوں بلوچی اکیڈمی کا خواب شرمندہ تعبیر ہوا۔ اب بلوچی اکیڈمی کے پاس ساخت بھی ہے اور شناخت بھی۔

الغرض پچاس سال قبل بلوچ، بلوچی اور بلوچستان کے علم وادب کی ترقی وترویج کے لئے بلوچی اکیڈمی کی شکل میں جو پودا لگایا تھا آج وہ بفضل خدا تناور درخت بن چکا ہے۔ اس دوران بلوچی اکیڈمی نے اپنی تحریروں، مذاکروں، کانفرنسز وغیرہ کے ذریعے بلوچی زبان وادب اور ثقافت کو اجاگر کیا۔ بلوچوں میں حب الوطنی کا جذبہ پیدا کیا اور انہیں صحت مند تفریحی ادب بھی فراہم کرتا رہا حقیقتاً بلوچی اکیڈمی نے علم وادب اور تہذیب وثقافت اور بلوچستانیت وغیرہ پر 280 بیش بہا کتابیں شائع کیں۔

O

بلوچی اکیڈمی......خواب سے تعبیر تک

بلوچی زبان کی ترویج اور ترقی کیلئے بلوچی اکیڈمی کے قیام میں پہلی قابل قدر کوشش جون 1957 میں قلات کے مقام پر بلوچی زبان دوستوں نے "بلوچی دیوان" کے انعقاد سے کی۔ ولجہ عبدالقیوم بلوچ کو بلوچی اکیڈمی کا کنوینر مقرر کیا گیا۔ (ملاحظہ ہو ضمیمہ الف) اس بلوچی دیوان کی بلوچستان اور کراچی کے اخبارات وجرائد میں بھرپور انداز میں تشہیر کی گئی۔ مارچ 1958 میں ولجہ قیوم بلوچ کراچی گئے اور انہوں نے وہاں پر اکیڈمی کی ایک شاخ قائم کردی جس کیلئے ایک سات رکنی مجلسِ منتظمہ کا انتخاب عمل میں آیا (جن کے نام ضمیمہ ب میں ملاحظہ ہوں)۔

اگست 1958 میں مستونگ میں ادیبوں، شاعروں، سیاسی قائدین اور قبائلی معتبرین پر مشتمل ایک بڑے اجتماع کا انعقاد عمل میں آیا جس کا مقصد بلوچی اکیڈمی کیلئے ان کی علمی، سیاسی، اخلاقی اور مالی معاونت حاصل کرنا تھا۔ لیکن ان کوششوں میں اس وقت کی حکومت مزاحم ہوئی اور چند ہفتوں بعد اکیڈمی کے کنوینر ولجہ عبدالقیوم بلوچ پابند سلاسل کردیئے گئے یوں اکیڈمی کے باقاعدہ قیام کی کوششیں کچھ عرصہ معطل ہوگئیں۔ بعد میں 1961ء میں اس ادارہ کا باقاعدہ قیام عمل میں لایا گیا۔ یہ ادارہ اکیڈمی کے طور پر رجسٹرار سوسائٹیز حکومت بلوچستان کے ایکٹ نمبر 9۔ 61-1960ء کے تحت رجسٹرڈ ہے۔

بلاشبہ ابتدائی سالوں میں بلوچی اکیڈمی کے سربراہ اور اس کے نیک نیت، دیانتدار اور پرخلوص ساتھیوں نے اسے ڈھانچے سے عملی اکیڈمی بنانے کے لئے ہر ممکن کوشش کی تاہم وہ کوئی معجزہ دکھانے میں کامیاب نہ ہوسکے۔ چنانچہ 1995ء تبدیلیوں کا سال ثابت ہوا تبدیلی کی اسی ہوا میں ملکی سطح پر انتظامی اور

اغراض ومقاصد

1۔ بلوچی زبان، ادب، تاریخ اور ثقافت پر تحقیقی کوششوں میں تیزی پیدا کرنا اور ایسی کوششوں کو جدید علمی، سائنسی اور فنی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا۔

2۔ بلوچی زبان کی تصانیف اور شہپاروں کو دوسری زبانوں میں اور دوسری زبانوں کے معیاری ادب کو بلوچی میں منتقل کرنا۔

3۔ بلوچستان کی تاریخ، جغرافیہ، ثقافت اور زبان و ادب سے متعلق نادر نسخہ جات کو جمع کرنا، شائع کرنا اور اگر یہ دوسری زبانوں میں ہوں تو انہیں بلوچی زبان میں ترجمہ کرنا۔

4۔ بلوچی کے مختلف اصناف شعر و ادب، لغت، ضرب الامثال، روایات اور حکایات وغیرہ کو محفوظ کرنا اور ان کی اشاعت کا اہتمام کرنا۔

5۔ بین الاقوامی سطح پر قائم علمی اور ادبی اداروں کے ساتھ اشتراک عمل کو فروغ دینا۔ اسی طرح پاکستان میں قائم، ادبی اور ثقافتی اداروں کے ساتھ علمی اور ادبی مقاصد کے حصول میں اشتراک عمل کو فروغ دینا۔ بشرطیکہ اس طرح کے رابطے بلوچوں کے قومی مفادات سے متصادم نہ ہوں۔

6۔ ایسے اقدامات کی سعی کرنا جو اکیڈمی کے نصب العین اور اغراض و مقاصد کے حصول میں مدد معاون ہوں اور بلوچوں کی ثقافتی، معاشرتی، علمی اور سائنسی ترقی میں مددگار ثابت ہوں۔

O

اکیڈمی کے دانشور (اراکین)

کسی تہذیب وثقافت کے زندہ ہونے کی پہچان یہ ہے کہ اس کے ہر گوشے میں دانش وحکمت تخلیق کو فعال اور متحرک رکھتی ہے۔ اسی سے علم وحکمت، صنعت وحرفت، ادب وفن، سائنس وٹیکنالوجی، صحافت تعلیم، سیاحت ومعاشیات سب میں تخلیقی سرگرمیوں کا بازار گرم رہتا ہے۔ دانشوروں کے حامل معاشروں میں ہی تجسس وتفتیش، تجربہ ومشاہدہ اور تفکر وتخلیق کا ذوق وشوق ہوتا ہے۔ وہ پُرمسرت دنیا کی تخلیق کی خاطر صبر آزما اور پرمصائب جستجو کے عمل سے گزرتے ہیں وہ خوب سے خوب تر کی جستجو میں بحر عقل وخرد میں غوطہ زن ہو کر غور وفکر کے بعد فلاح انسانیت کے افکار تازہ کے ذریعے طرز کہن کو مٹانے کا علم بلند کرتے ہیں۔

اس دنیا میں بے شمار لوگ نسل انسانی کی خدمت کرنا چاہتے ہیں۔ وہ مہاتما بدھ کی مانند دکھ درد کو، سقراط کی مانند جہالت کو، حضرت عیسیٰ کی طرح نفرت کو، حضرت محمد ﷺ کی تقلید میں شر کو، اور کارل مارکس کی پیروی میں استحصال کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔

بلوچی اکیڈمی کے دانشور بھی انہی مقاصد کو پیش نظر رکھتے ہوئے اکیڈمی کی سرگرمیوں میں شامل ہوئے ہیں۔

بلوچی اکیڈمی کے قیام کے وقت 24 اراکین تھے، لہٰذا بلوچی اکیڈمی کو مزید فعال اور مستحکم بنانے کیلئے بہت سے نوجوان مصنف، شاعر اور دانشور کو بلوچی اکیڈمی کے ممبر بنائے گئے ہیں۔ اس طرح اکیڈمی کے قیام سے اب تک 210 ادیب، دانشور رکن کی حیثیت سے خدمت کرتے آرہے ہیں۔ ان کے علاوہ ان بلوچی ادبا، شعرا اور سکالرز کو اعزازی ممبر بنایا گیا ہے، جو ملک سے باہر قیام پذیر ہیں اور بلوچی زبان و ادب کی خدمت کررہے ہیں۔

اس وقت بلوچی اکیڈمی کے 50 باقاعدہ اور 15 اعزازی رکن ہیں، جن کے کوائف ضمیمہ "ن"

اور "د" پر ملاحظہ ہوں۔ اس کے علاوہ ضمیمہ "ہ" پران اراکین کے نام ہیں جو گزشتہ 50 سال کے دوران کسی نہ کسی طور اکیڈمی کے رکن رہے یا اس سے منسلک رہے۔ لیکن اب وہ یا تو وفات پا چکے ہیں یا ان کی باقاعدہ رکنیت نہیں ہے۔ اس طرح آج تک 210 بلوچ ادیب، شاعر، دانشور بلوچی اکیڈمی سے وابستہ رہے ہیں۔

بلوچی اکیڈمی کے ممتاز اراکین میں محقق، مورخ، ڈرامہ نگار، ناول وافسانہ نگار، شامل ہیں۔ 1961ء سے 2011 تک پچاس سال کے دوران 125 سے زائد نامور ادیب شعراء دانشوروں نے بحثیت رکن جنرل باڈی، یا رکن مجلس منتظمہ کے عہدیدار یا اعزازی ممبر کی حیثیت سے بلوچی اکیڈمی کے پلیٹ فارم سے بلوچستان، بلوچی زبان، ادب وثقافت کی ترقی وترویج کے لئے اپنی علمی، ادبی اور سماجی صلاحیتوں اور کردار کو پرخلوص انداز میں بروئے کار لایا۔

o

مجلسِ عمومی

اکیڈمی کے تمام مستقل اراکین پر مشتمل ادارہ مجلسِ عمومی کہلاتا ہے۔ جس کا سالانہ اجلاس اگست کے پہلے عشرے میں پہلے اتوار کے روز صبح 10 بجے بلوچی اکیڈمی کے صدر دفتر میں منعقد ہوا کرتا ہے اور ہر تین سال بعد مجلسِ عمومی ایک مجلسِ منتظمہ کا انتخاب عمل میں لاتی ہے اور اپنے سالانہ اجلاس میں اکیڈمی کیلئے پالیسیاں مرتب کرتی ہے۔

مجلسِ منتظمہ

اکیڈمی کے انتظامی امور کی انجام دہی اور اس کے نصب العین اور اغراض و مقاصد کے حصول کیلئے ایک گیارہ رکنی بورڈ آف ڈائرکٹرز ہے جو ایگزیکٹو کمیٹی (مجلسِ منتظمہ) کے نام سے موسوم ہے۔ جسکے ارکان کو مجلسِ عمومی منتخب کرتی ہے اور جو تین سال تک اپنے فرائض انجام دیتی ہے۔

مجلسِ منتظمہ سات ارکان کے علاوہ چیئرمین، وائس چیئرمین، جنرل سیکریٹری اور جوائنٹ سیکریٹری کے عہدیداروں پر مشتمل ہے۔ اراکین اور مجلسِ منتظمہ رضا کارانہ طور پر کام کر رہے ہیں اور کوئی مشاہرہ یا مراعات نہیں لیتے۔

1961 سے اب تک مختلف اوقات میں منتخب ہونے والی مجلسِ منتظمہ کے عہدیدار اور اراکین کی فہرست ضمیمہ "و" پر ملاحظہ ہو۔ جبکہ چیئرمین حضرات کا تعارف ضمیمہ (ز) پر ملاحظہ ہو۔

O

کمیٹیاں

بلوچی اکیڈمی کے مختلف امور کی بہتر طور پر انجام دہی کے لئے
مندرجہ ذیل کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں

1۔ فنانس کمیٹی

یہ کمیٹی ایک چیئرمین اور چار ممبران پر مشتمل ہے۔

2۔ دستور کمیٹی

اس کمیٹی میں ایک چیئرمین اور پانچ دانشور شامل ہیں۔

3۔ املا و رسم الخط کمیٹی

رسم الخط کمیٹی میں پانچ دانشور شامل ہیں۔

4۔ ڈکشنری کمیٹی

ڈکشنری کمیٹی ایک چیئرمین اور چار ارکان پر مشتمل ہے۔

5۔ انسائیکلوپیڈیا کمیٹی

انسائیکلوپیڈیا کمیٹی میں سات دانشور شامل ہیں۔

6.. سیمینار کمیٹی

سیمینار کمیٹی چیئرمین سمیت پانچ ارکان پر مشتمل ہے۔

7۔ پبلشنگ کمیٹی

پبلشنگ کمیٹی کا ایک چیئرمین چھ ممبر ہیں۔

8۔ مارکیٹنگ کمیٹی

یہ کمیٹی چیئرمین سمیت گیارہ ارکان پر مشتمل ہے۔

ملازم و محقق

بلوچی اکیڈمی کے دفتری امور کی انجام دہی کے لئے مندرجہ ذیل آسامیوں پر عملہ تعینات کیا گیا ہیں۔

1۔ ایڈمن آفیسر

2۔ لائبریرین

3۔ کمپیوٹر آپریٹر

4۔ نائب قاصد

5۔ خاکروب

6۔ چوکیدار

ان کے علاوہ اکیڈمی میں ریسرچ کا کام کرنے کے لئے ایک محقق بھی رکھا گیا ہے۔

o

مالیات

بلوچی اکیڈمی کی آمدنی کے ذرائع انتہائی محدود ہیں۔ جو عطیات، صوبائی اور وفاقی حکومت کی جانب سے سالانہ گرانٹ، اور سلسلہ مطبوعات کی معمولی آمدنی پر مشتمل ہیں۔ ابتداء میں صوبائی حکومت نے اس کیلئے سالانہ پچیس ہزار روپے کی گرانٹ منظور کی تھی، جو بعد میں 95 ہزار روپے سالانہ کردی گئی۔ لیکن اکیڈمی کے اڑتیس سال گزرنے کے باوجود اس گرانٹ میں اضافہ نہیں کیا گیا تاہم 1997 میں بلوچستان کے زبان دوست وزیراعلیٰ جناب اختر مینگل نے نہ صرف ایک بیش قیمت پلاٹ فراہم کیا بلکہ اکیڈمی کی گرانٹ کو بھی دس لاکھ روپے سالانہ تک بڑھادیا اور 2010ء میں صوبائی حکومت نے اکیڈمی کی گرانٹ کو 20 لاکھ اور 2011 میں 50 لاکھ روپے سالانہ تک بڑھادیا ہے۔ اس طرح اب اکیڈمی کو جن ذرائع سے آمدنی ہوتی ہے ان کی تفصیل یہ ہے:۔

1۔ محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان

2۔ اکادمی ادبیات پاکستان

3۔ فروخت کتب

4۔ کرایہ ہال/ سکالرز لاج

o

دفاتر اور ریسرچ کمپلیکس

بلوچی اکیڈمی کئی سال تک "شب جایے روجایے "کے مصداق کبھی کسی گلی کبھی کسی محلہ میں کرائے کی نامناسب اور مختصر ترین عمارات میں کام کرتی رہی۔ جس کی وجہ سے نہ تو اکیڈمی کی جنرل باڈی کے اجلاس میں تمام اراکین کی شمولیت کی گنجائش ہوتی تھی اور نہ ہی اس میں ریسرچ سکالرز، مطالعہ کرنے والوں اور مہمان دانشوروں کے بیٹھنے اور خاطر تواضع کرنے کی سہولتیں میسر تھیں۔ چنانچہ اکیڈمی کی نئی کابینہ نے 1997 میں وزیر اعلیٰ سردار اختر جان مینگل سے ملاقات کی اور انہیں اکیڈمی کے مسائل اور وسائل سے آگاہ کرتے ہوئے ان سے اکیڈمی کی عمارت کیلئے زمین کی فراہمی اور سالانہ گرانٹ میں اضافہ کی درخواست کی۔ جوان فکر وزیر اعلیٰ نے زبان دوستی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اکیڈمی کی عمارت کیلئے جناح روڈ کی پشت پر آرٹس کونسل سے متصل عدالت روڈ پر وارڈ نمبر 14 کے خسرہ نمبر 7،8 کے تحت 7428 مربع فٹ پر مشتمل پلاٹ نمبر BP No:196، 12 جون 1997 کو وزیر اعلیٰ بلوچستان کے آرڈر No. So-II (CM)/4-1/97/2753 کے تحت ایک بیش قیمت پلاٹ انتقال (الاٹمنٹ) کرایا۔

واضح رہے کہ بلوچی اکیڈمی کے پاس اتنی گنجائش نہیں تھی کہ وہ اپنے ذرائع سے عمارت تعمیر کرسکتی، چنانچہ نظریہ ضرورت کے تحت اس پلاٹ کا 2428 مربع فٹ فروخت کر کے بقایا 5000 مربع فٹ پر تعمیر کا کام شروع کردیا گیا۔

انجینئر احمد فاروق بازئی کی کنسلٹنسی میں میسرز محمد صدیق بلوچ کنسٹرکشن کمپنی نے 525 روپے فی مربع فٹ کے حساب سے 11872 مربع فٹ کورڈ ایریا پر ایک سہ منزلہ ریسرچ کمپلیکس اور دفاتر تعمیر کیے۔ جہاں ایک وسیع اور کشادہ کانفرنس ہال (آڈیٹوریم) جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ایک معیاری لائبریری، مہمان ریسرچ سکالروں، ادباء وشعراء کی رہائش اور مہمان نوازی کیلئے تمام ضروری سہولتوں سے مزین چھ کمروں پر مشتمل قیام گاہیں وغیرہ جیسے اہم اور ضروری انتظامات موجود ہیں۔ جبکہ ادارے کے مسودات کی کتابت اور طباعت کیلئے جدید ٹیکنالوجی کی سہولت موجود ہے۔ ریسرچ کمپلیکس کے کمروں کی تفصیل اس طرح ہے۔

1۔ **بیسمنٹ**

بیسمنٹ میں دو کمرے ہیں:

1۔ پریس

2۔ اسٹور

2۔ **گراؤنڈ فلور**

گراونڈ فلور پر مندرجہ ذیل پانچ کمرے ہیں:

1۔ لائبریری

2۔ دفتر لائبریرین

3۔ کمرہ کمپیوٹر آپریٹر

4۔ چوکیدار کوارٹر

5۔ کچن۔

3۔ **فرسٹ فلور**

فرسٹ فلور کی تفصیل اسطرح ہے:

1۔ دفتر چیئرمین

2۔ دفتر جنرل سیکرٹری

3۔ ایڈمن آفیسر روم

4۔ کانفرنس ہال

4۔ **سیکنڈ فلور**

سیکنڈ فلور مندرجہ ذیل کمروں پر مشتمل ہے:

1۔ سکالرز لاج (چھ کمرے)

2۔ لابی

3۔ کچن

4۔ ڈائننگ ہال

5۔ سکالرز لاج

بلوچی اکیڈمی کے دوسری منزل میں 6 کمروں پر مشتمل ''اسکالرز لاج'' بنایا گیا ہے۔

سکالرز لاج کے کمرے بلوچی اکیڈمی کے باہر سے آنے والے علمی وادبی مہمانوں خصوصاً اکیڈمی کے سیمناروں، تقریبات اور دیگر اجلاس میں مدعو شخصیات کو رہائش کے لئے مفت فراہم کی جاتی ہیں۔ لیکن فیملی رکھنے کی اجازت نہیں ہے۔

6۔ بلوچی اکیڈمی کے کمروں کے تاریخی نام

بلوچی اکیڈمی کے تمام کمروں، ہال اور لائبریری کو بلوچوں کے مندرجہ ذیل تاریخی نام سے منسوب کیا گیا ہے۔

نمبر شمار	کمرہ	تاریخی نام
1۔	لائبریری	سرلٹھ
2۔	کانفرنس ہال	رباط
3۔	سکالرز لاج کمرہ نمبر 1	میانی
4۔	کمرہ نمبر 2	گوک پروش
5۔	کمرہ نمبر 3	بمپور
6۔	کمرہ نمبر 4	تلار
7۔	کمرہ نمبر 5	تراتانی
8۔	کمرہ نمبر 6	کوہنگ

O

طباعت کتب

اکیڈمی نے اپنے بنیادی مقاصد کے طور پر بلوچی زبان وادب کی ترقی وترویج میں اہم کردار ادا کیا اور بلوچی ادب، ثقافت، روایات اور تہذیبی قدروں کو متعارف کرانے کیلئے بہت سی کتابیں شائع کیں۔ اکیڈمی نے بلوچی زبان وادب کے علاوہ بلوچ قوم اور بلوچستان سے متعلق مختلف موضوعات پر انگریزی، اردو اور فارسی میں بھی کتابیں شائع کیں۔ اس طرح اس ادارے نے بلوچوں کے علمی، ادبی، تاریخی، اور ثقافتی سرمائے کو جو سینہ بہ سینہ ایک نسل سے دوسری نسل کو منتقل ہوتا رہا، جمع کیا اور زیور طباعت سے آراستہ کیا۔

بلوچی اکیڈمی نے اپنے قیام 1961 سے لیکر جولائی 2011 تک کل 280 کتابیں شائع کرائیں جو زیادہ تر بلوچی ادب، ثقافت، لوک کہانیوں، گرائمر، تاریخ اور سوانح پر مشتمل ہیں۔

بلوچی اکیڈمی کی جانب سے شائع شدہ کتابیں بلوچستان یونیورسٹی، کالجز اور اسکولوں کے علاوہ فیڈرل اور صوبائی پبلک سروس کمیشنز کے مقابلوں کے امتحانات کے کورسز میں شامل ہیں۔

ویب سائٹ:

بلوچی اکیڈمی کی تشہیر کے لئے www.balochiacademy.org

ویب سائٹ موجود ہے۔

O

معاہدہ اور شرح رائلٹی

بلوچی اکیڈمی بلوچ ادیبوں، دانشوروں اور سکالروں کی کتابوں کی طباعت سمیت ان کی حوصلہ افزائی کے طور پر انہیں کتاب کی رائلٹی سے نوازتی رہی ہے۔

شرح رائلٹی کے تعین کیلئے مصنفین اور اکیڈمی کے حقوق کے بارے میں چند شرائط پر مبنی ایک معاہدہ پر دستخط کیا جاتا ہے۔ فی الوقت ادیبوں کو اس شرح سے رائلٹی دی جاتی ہے۔

نمبر شمار	صنف	شرح فی صفحہ
1۔	تحقیقی کتاب	70 روپے فی صفحہ
2۔	تخلیق (نثر۔شاعری)	50 روپے فی صفحہ
3۔	بلوچی غیر ملکی زبانوں میں ترجمہ	50 روپے فی صفحہ
4۔	ملکی زبانوں سے بلوچی ترجمہ	30 روپے فی صفحہ
5۔	غیر ملکی زبانوں کا بلوچی میں ترجمہ	50 روپے فی صفحہ
6۔	بلوچی یا ملکی زبانوں میں ترجمہ	30 روپے فی صفحہ
7۔	کمپائلیشن	30 روپے فی صفحہ
8۔	پروف ریڈنگ	20 روپے فی صفحہ

o

شعبہ وار فہرست مطبوعات

بلوچی اکیڈمی کی شائع شدہ کتابوں کی شعبہ وار فہرست اس طرح ہے۔

نمبر شمار	شعبہ	تعداد
1۔	تاریخ وجغرافیہ	27
2۔	زبان وادب	23
3۔	گرائمر/لغت	16
4۔	رسم الخط	2
5۔	تنقید	9
6۔	ضرب الامثال/پہیلیاں	5
7۔	قصے افسانے ناول	29
8۔	لوک کہانیاں	7
9۔	ڈرامے	9
10۔	شاعری	77
11۔	ببلوگرافی	1
12۔	صحافت	1
13۔	تراجم	13

14۔	مذہب	6
15۔	ثقافت/معاشرت	22
16۔	قانون	1
17۔	زراعت	4
18۔	سائنس	7
19۔	کھیل	4
20۔	صنعت	4
21۔	شخصیات	7
22۔	معیشت	1
23۔	سیاست	2
24۔	اخلاقیات	2
25۔	سفرنامہ	1
	کل	**280**

o

بلوچی اکیڈمی کی تاریخی اور دیگر مطبوعات

علم و تاریخ، انسانی معاشرے کے انفرادی اور اجتماعی افعال کا آئینہ دار ہے۔ اس کا شمار دنیا کے قدیم ترین اور مفید علوم میں ہوتا ہے۔ یہ محض ماضی کے دلچسپ اور یادگار واقعات کی جستجو کا ہی نام نہیں بلکہ یہ ایک ایسا آئینہ ہے جس میں ہم تہذیب انسانی کے عہد بہ عہد اور ارتقاء کی تصویریں دیکھتے ہیں۔ تاریخ، ماضی اور حال کے درمیان وہ زینہ ہے جس پر چڑھ کر انسان عہد رفتہ سے ناطہ جوڑ سکتا ہے۔ یہ ماضی، حال اور مستقبل کی وحدت کا نام ہے۔ سپین کے دانشور ویویز (Vives) نے کہا تھا کہ ''جو قوم تاریخ سے بے بہرہ ہے اس کے بوڑھے بھی بچے ہیں'' چنانچہ کہا جاسکتا ہے کہ جو قوم اپنی تاریخ کو محفوظ کر لیتی ہے وہ گویا بقائے دوام کا سامان مہیا کرتی ہے۔

کسی دانشور نے خوب کہا ہے کہ ہمارے ہاں تاریخ کا مضمون اپنی اہمیت کھو چکا ہے۔ اس وقت ملک کی یونیورسٹیوں میں تاریخ کے استاد تو ہیں مگر مورخ یا محقق ناپید ہیں جو تاریخ نویسی کی ذمہ داری سے عہدہ برا ہو سکیں۔ لہٰذا یہ یونیورسٹیوں کی ذمہ داری ہے کہ ان کے ہاں تاریخ کے تحقیقی شعبے متحرک ہوں جہاں تحقیق و دانش سے تاریخ نویسی ہو۔ جب تک کسی قوم میں تاریخی شعور نہیں ہوگا اس میں تبدیلی کی خواہش بھی نہیں ہوگی۔ یہ تاریخی شعور تب ہی ممکن ہے جب قوم کے حافظہ میں مکمل تاریخی یادداشتیں ہوں، جو مسخ شدہ اور بگڑی ہوئی نہ ہوں بلکہ صحت مند اور تر و تازہ ہوں۔

تاریخ فہمی کے ادراک سے مالا مال بلوچی اکیڈمی تاریخ جیسے خشک مگر دلچسپ اور کارآمد مضمون کے رجحانات کو مقبول عام بنانے کے لئے مصروف عمل ہے اور جہاں تحقیق و دانش سے تاریخ نویسی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے وہیں اس حوالے سے بلوچی اکیڈمی سماجی علوم میں فعال تحقیق اور تجزیے کے لئے مورخین کو غیر جانبدارانہ تحقیق کے لئے ہر ممکن تعاون فراہم کر رہی ہے۔

بلوچی اکیڈمی کے زیر اہتمام تاریخ سے متعلق اُردو اور انگریزی اور بلوچی میں بیسیوں کتب شائع ہوئی ہیں۔ جن میں سے چند ایک کا تعارف اس طرح ہے۔

1۔ دی گریٹ بلوچ

محمد سردار خان گشکوری کی انگریزی میں لکھی گئی یہ کتاب میر چاکر رند (1454-1551AD) کی سوانح حیات اور اس عہد کے سیاسی، سماجی نشیب و فراز اور قومی مہمات پر مشتمل ہے۔ بلوچی اکیڈمی کی جانب سے یہ کتاب پہلی مرتبہ 1965 میں شائع کی گئی۔ کتاب 266 صفحات پر مشتمل ہے۔ اور اس کی قیمت 400 روپے ہے۔ کتاب کے اہم ابواب یہ ہیں۔

1. **Babylon to Balochistan.**
2. **The Character of Baloch Race.**
3. **The Great Baloch.**
4. **Ninteenth Century Baloch Chief.**

اس کتاب کا مشہور ادیب اور دانشور عبدالغفار ندیم نے اُردو ترجمہ کیا۔ جسے بلوچی اکیڈمی نے 1988 میں شائع کیا اُردو کتاب کی قیمت 250 روپے ہے۔ کتاب تین بڑے ابواب ''بابل سے بلوچستان تک، بلوچ نسل کا کردار، اور بلوچ اعظم کے موضوعات پر مشتمل ہے۔

2۔ پلنگ و بلوچ

انگریزوں سے جہاد کرنے والے 12 نامور بلوچ عمائدین کے رزمی کارناموں پر بلوچی زبان کی یہ کتاب 154 صفحات پر مشتمل ہے اور یہ کتاب بھی محمد سردار خان بلوچ نے 1965 میں بلوچی اکیڈمی سے چھپوائی ہے۔ کتاب کی قیمت 150 روپے ہے کتاب میں میر فتح علی خان ٹالپور، خان محراب خان شہید، میر بجار خان ڈومبکی، خان نصیر خان دوئم، سردار نورنگ خان بزدار، سردار آزاد خان نوشیروانی، میر غلام حسین مسوری، میر بلوچ خان نوشیروانی، میر داد خلیل خان گمشادزئی، سردار نورالدین مینگل، سردار خیر بخش خان مری، میر خداداد خان مری شہید کی رزم آرائیاں شامل ہیں۔

3۔ بلوچستان ماقبل تاریخ

ملک کے نامور سکالر و مورخ ملک محمد سعید دھوار کی لکھی گئی یہ کتاب 1970 میں شائع ہوئی۔ کتاب 297 صفحات پر مشتمل ہے۔ قیمت 200 روپے ہے۔ کتاب میں بلوچستان کے مختلف مقامات پر واقع آثار قدیمہ سے متعلق انتہائی چشم کشا معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ مؤلف نے انتہائی تحقیق اور جستجو سے بلوچ علاقوں کی قدیم بستیوں اور قدیم تہذیبوں کا زمانہ معلوم کرتے ہوئے ماہرین آثار قدیمہ کی آراء پر مبنی اپنی تحقیق کو اجاگر کیا ہے۔

4۔ آئینہ خاران

اثیر عبدالقادر شاہوانی کی تالیف کردہ کتاب ''آئینہ خاران'' بلوچستان کے مغرب میں واقع سابق ریاست خاران اور موجودہ اضلاع خاران اور واشک کی تاریخ، جغرافیہ، تہذیب وتمدن، مختلف قبائل، زرعی نظام، ریاست قلات سے تعلقات، آثار قدیمہ، گنبد، گبر بند، قدیم کاریزیں، قلعے، ٹیلے وغیرہ کے عنوانات پر مبنی 1978 میں شائع ہونے والی یہ کتاب 432 صفحات پر مشتمل ہے۔

5۔ گل بہار

ہتورام کی لکھی گئی یہ کتاب ڈیرہ غازی خان کے بلوچ قبائل کے بارے میں معلومات افزا تحریر پر مشتمل ہے۔ پہلی مرتبہ یہ کتاب 1862 میں چھپی اور دوسری مرتبہ 413 صفحات پر مشتمل کتاب کو اکیڈمی نے 1982 میں شائع کیا۔ کتاب کی قیمت 150 روپے ہے۔ کتاب کے حصوں کو چمن اول، چمن دوئم، چمن سوئم، اور چمن چہارم کا نام دیا گیا ہے۔ باب چمن اول میں تواریخ ضلع تفصیل دیہات، حالات تحصیل بائے ڈیرہ غازی خان، سنگھڑ، جام پور، راجن پور،، ہیت وشکل ضلع سرحدات بلوچستان وافغانستان، سرحد سندھ، سرحد ریاست بھاولپور، سرحد ڈیرہ اسماعیل خان، سرحد کوہ سلیمان، حال تمنان کھیتران اور مری بگٹی حالات اقوام افغان، مذاہب ورسم دینی، اہل ہنود، اہل اسلام، دیگر اقوام، حالات خاندان قدیمی، حالات اقوام بلوچستان، حال خاندان والئی قلات واقوام بروہی باب چمن دوم سبب علیحدگی تمنات ورواج عام

اقوام بلوچستان، پیشہ وگزران معاش اقوام، انتظام ملکی، حال مدرسہ جات، کیفیت بندوبست، قصہ چوری مع تفصیل اقوام چوری پیشہ، حال جھوٹ فریب۔

6۔تاریخ بلوچستان

ہتورام کی مرتب کردہ تاریخ بلوچستان پہلی مرتبہ 1907 میں شائع کی گئی تھی۔ اسی (80) سال کے بعد دوسری مرتبہ بلوچی اکیڈمی نے 1987 میں شائع کی۔ جب کہ 2010 میں بلوچی اکیڈمی نے اس تاریخی کتاب کو پھر سے شائع کیا۔ جس میں بلوچستان کے مخصوص جغرافیائی اور تاریخی حالات کے علاوہ بلوچستان کے تمام قبائل کی تاریخ اور شجرہ جات انساب بھی شامل ہیں۔ دراصل یہ کتاب انگریزی دور کے سیاسی اور تاریخی واقعات کو احاطہ کئے ہوئے ہے۔ اس میں بلوچ قبائل کی مختصر تاریخ بھی شامل ہے اور حکومت برطانیہ کے کردار اور بلوچستان میں کئے گئے سیاسی ودیگر اقدامات کو اجاگر کیا گیا ہے۔

اسی طرح قبائل کے مابین جنگوں کا مختصر احوال، قوم براہوئی، شجرہ نسب احمد زئی خاندان، مگسی، لاشاری، ایلتازئی، نائب خیل، شاغاسی، خراسانی، سراوان اور جھالاوان کے سرداران اور قبائل، رئیسانی، شاہوانی، ہنگلزئی، محمد شہی، کرد، لہڑی، زرکزئی، موسیانی، لوٹھانی، ڈایا، سیدزئی، جتک، بازوزئی، مینگل شاہی زہی، بیندرانی، بزنجو، ہارونی، محمد حسنی۔ باب سوئم میں مٹھن کوٹ کانفرنس 1872 کا حال احوال۔ رابرٹ سنڈیمن کی حکمت عملی، سنڈیمن کا ریاست قلات کے مختلف مقامات کا دورہ اور اہم فیصلہ جات کا ذکر۔ باب چہارم میں ایجنسیوں کا حال، تاریخی حالات براہوئی بلوچ، مکران، پنجگور، کیچ، بلیدہ، سامی، پسنی، کلمت اور مند، شجرہ سرداران گچکی، قوم نوشیروانی مع شجرہ، مختلف راستوں کی تفصیل ریاستوں کے حالات، شجرہ وحالات جام خاندان، شجرہ خاندان باروزئی، تفصیل اقوام افاغنہ ماتحت بلوچستان، عروج قوم غلزئی وحکومت قلات۔ عروج ابدالی وسلطنت احمد شاہ اور خاندان امیر کابل مع شجرہ جات۔

7۔تاریخ قلات

سندھ وبلوچستان کے نامور مورخ میر رحیم داد شاہوانی المعروف مولائی شیدائی کی تصنیف تاریخ

قلات سابق ریاست قلات کی ہمہ جہت تاریخ وجغرافیائی مواد اور 325 صفحات پر مشتمل ہے۔ کتاب کی قیمت 150 روپے ہیں۔

8۔ تاریخ بلوچ وبلوچستان

آغا میر نصیر خان کی تالیف ''تاریخ بلوچ وبلوچستان'' کی 9 جلدیں اکیڈمی نے چھاپی ہیں۔

9۔ کردگال نامک

آخوند صالح محمد کی فارسی کتاب ''کردگال نامک'' بلوچی اکیڈمی نے 1992 میں شائع کی اور 1994 میں اسی کتاب کو اسی نام سے میر عبداللہ جان جمالدینی اور پروفیسر نادر قمبرانی نے اُردو کا جامہ پہنایا، فارسی کتاب کی قیمت 150 روپے اُردو کتاب کی قیمت 100 روپے اور صفحات 301 ہیں۔ یہ کتاب میر احمد خان اول حکمرانِ قلات کے وزیر کبیر آخوند صالح محمد کی 1668 کی تصنیف ہے۔ جو قدیم فارسی میں شائع ہوئی۔ کتاب ان عنوانات پر مشتمل ہے: براخوئی کردوں کا بیان، مادستان وتوران، قبائلی سردار اور بادشاہ، مادکرد، بخامنشی، سکندر مقدونی، روستم، امیر زوراک، امیر ذگرین، کیکان، غزدار میں عبادت گاہ، آشوری، کورش، توران میں براخوئی کردوں کی حکمرانی، امیر زرشان، امیر چندران، اردشیر، دارا، نورگان، یونانیوں کا حملہ، زابلستان، بلوچ کردوں کا مذہب، آداب، زبان، لشکری نظام، خاندان پیشد ادیان، جدگال، آشکانی، ساکا، کوشانی، ساسانی، مزدک، نوشیروان، پیغمبر اسلامؐ کی ولادت، خلفاء کا دور۔

10۔ سرزمین بلوچ

بلوچستان کے جغرافیہ پر مبنی یہ کتاب 1996 میں شائع ہوئی 412 صفحات کی یہ کتاب ان عنوانات پر مشتمل ہے۔ بلوچستان کے حصے، قدرتی تقسیم، پیداوار، معدنیات، مویشی، پہاڑ، دریا، جھیلیں، ساحل، آب و ہوا، صنعت وحرفت، آمدورفت کے ذرائع، قومیں اور قبائل، زبان، بلوچی تاریخ، ادبیات، مذاہب، اضلاع اور ریاستیں، ایرانی بلوچستان، آثار قدیمہ، بلوچ کون ہیں، کیا براہوئی ڈریویڈئین ہیں، قبل اسلام بلوچوں کی قدامت، بلوچستان میں مید قوم، دارا اول اور سکندر، بلوچوں نے کب اسلام اختیار کی، خلافت راشدہ اور

بلوچ، دورِ بنی اُمیہ، دورِ بنی عباس، تیمور سے ہمایون تک، افشار، صفویوں کی حکومت، احمد زئی خاندان۔

11۔ سیستان بلوچستان

سیستان بلوچستان کی تاریخ و جغرافیہ کے بارے میں ناصر عسکری کی فارسی کتاب جسے غوث بخش صابر نے 1996 میں اُردو میں ترجمہ کیا کتاب 201 صفحات اور نو ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلے باب میں مکمل جغرافیہ، دوسرے باب میں وجہ تسمیہ، علاقے اور اہل بلوچستان نسلاً، تیسرے باب میں شہروں کا اجمالی تذکرہ، چوتھے باب میں بلوچستان کی تاریخ کا جائزہ، تاریخ سیستان ایک نظر میں، ایران کی مشرقی سرحدات کے تعین میں انگریزوں کا عمل دخل، ذرائع آبپاشی، باب پنجم میں بلوچوں کی اجتماعی معاشرت مجموعی ثقافتی فکری عوامل، مذہبی عوامل، باب ششم میں بلوچستان میں بے اعتمادی، ثقافت وقومی ورثہ، زبان وادب، باب ہشتم میں معاشرتی دستکاریاں باب نہم میں درآمد وبرامدات شامل ہیں۔

12۔ تاریخ بلوچستان

بلوچستان کے نامور مورخ محمد سعید دہوار کی یہ اُردو کتاب 2007 میں بلوچی اکیڈمی نے شائع کی۔ کتاب کی قیمت 350 روپے اور 28 ابواب کے 875 صفحات پر مشتمل ہے۔ جغرافیائی کیفیت کے علاوہ یہ کتاب ان عنوانات پر محیط ہے۔ بلوچستان کے باشندے، لسانی گروہ، پتھر اور کانسی کا دور، آریا، ایرانی دور اقتدار، سکندر اعظم مقدونی، موریا خاندان، ایران کے اشکانی اور ساسانی خاندان، سفید ہُن، ہندو شاہی، عرب دور اقتدار، صفراوی خاندان، سلاطین غزنی، سلاطین غور، چنگیز خان منگول، اہل کرت، تیمور لنگ اور آل تیمور بانیان خاندان احمد زئی (میر احمد اول تا خان میر خداداد خان دس پشت) طرز حکومت اور معاشرہ، ادبیات، شعراء، مہرگڑھ، ذگری، علامہ سید محمد جونپوری، خواجہ خیل اور میر بجار۔

13۔ تاریخی عبشنا تک

الفت نسیم کی بلوچی زبان میں اس تاریخی کتاب کو اکیڈمی نے 2009 میں شائع کیا۔ کتاب 224 صفحات پر مشتمل ہے، جس کی قیمت 250 روپے ہے۔ کتاب مندرجہ ذیل عنوانات پر محیط ہے۔

1۔قلات ءِ تاریخ ءِ دروگیں پیڑ 2۔کوردگال نامک 3۔میر بجار براہو میروانی۔ 4۔براہوئی ءَ دراوڑ 5۔خضر خان بلوچ 6۔سیدی رئیس 7۔ملک میرزا 8۔مکّران 9۔کوہ نور ہیرا 10۔میر باگ ءَ مریم 11۔فیصل لاشاری 12۔جدگال۔

14۔بلوچستان کے چند تاریخی گوشے

الفت نسیم کی لکھی ہوئی اس کتاب کو اکیڈمی نے 2009 میں شائع کیا۔ کتاب کی قیمت 200روپے ہے یہ کتاب درج ذیل عنوانات پر مشتمل ہے۔

1۔ ابتدائی کلمات 2۔میر کمبر رئیس 3۔کلاتِ سیوا 4۔براہو اتحادیہ(براہوئی) کی منظوم تاریخ 5۔نمرود...... حقیقتاً بلوچ تھا۔6۔ نمرود قلات 7۔کراچی کی تاریخ بلوچ پس منظر میں 8۔بلوچ و پشتون کی ملی وحدت کے تاریخی شواہد پر ایک نظر۔9۔کیچ 10۔شال 11۔کوہستانِ خضدار کی رابعہ۔ 12۔سبی مراد 13۔حضرت شہباز قلندر بلوچستان میں۔

قدیم یالوک شاعری

کسی بھی معاشرے کا شعر اور شاعری سے گہرا تعلق ہوتا ہے۔شاعری اظہار کا سب سے بہتر ذریعہ ہے عوامی خواہشوں اور ان کے مسائل کے بارے میں جو بات درجنوں صفحات میں بیان نہیں ہوسکتی۔ شاعر اسے دو مصرعوں میں نہایت موثر انداز میں بیان کردیتا ہے۔اور پھر شعر جبر اور پابندی کے باوجود سفر کرتا ہے حافظے میں محفوظ رہتا ہے اور مستقبل میں ماضی کی خبر دینے کا سب سے معتبر ذریعہ ہوتا ہے۔مثل مشہور ہے کہ جس معاشرے میں سخن فہمی کمزور ہوجائے وہاں دہشت گردی عام ہوجاتی ہے شاعری دلوں میں نرمی اور گداز پیدا کرتی ہے لوگوں کو محبت کی ترغیب دیتی ہے برداشت ،رواداری اور سخن فہمی معاشرے میں پروان چڑھتی ہے۔شاعر اپنے عہد کا ترجمان ہوتا ہے۔

معاشرے کی ترتیب وتشکیل میں شاعری اور شاعر نہایت اہم ہوتا ہے اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ لوگ شیکسپیئر، مولانا روم، شیخ سعدی اور میر وغالب کو تو جانتے ہیں لیکن ان کے عہد کے

حکمرانوں سے واقف نہیں۔
بلوچی اکیڈمی نے قدیم شاعری کو جمع کر کے کتابوں کی صورت میں شائع کیا ہے۔

بلوچی جدید شاعری

بلوچی زبان کی جدید شاعری انگریزوں کے زمانے سے شروع ہوئی اور سال بہ سال اس میں مزید جدت پیدا ہوتی گئی اب چونکہ شعراء انگریزی اردو اور فارسی زبان کے بھی تعلیم یافتہ ہیں۔ اسی وجہ سے بلوچی شاعری پر غیر ملکی شاعری اور ادب کا کافی اثر پڑا ہے اور بعض شعراء قدیم بحر و وزن کے بجائے اردو، فارسی کے بحور میں شاعری کرتے ہیں یا پھر انگریزی کی طرح آزاد شاعری کو پسند کرتے ہیں، بحر و وزن کے علاوہ خیالات پر بھی انگریزی، اردو اور فارسی کی چھاپ لگی ہے۔ شاعری کی زبان کا بھی یہی حال ہے کہ بہت سے شاعر اردو اور فارسی کے الفاظ کو بھی استعمال کرتے ہیں اور جو شعراء اردو اور فارسی الفاظ استعمال نہیں کرتے وہ اپنے نئے خیالات کو استعمال کرتے ہیں۔ جبکہ بلوچی کے مشرقی اور مغربی لہجوں کے استعمال سے بلوچی ایک ہمہ گیر زبان بنتی جا رہی ہے۔

بلوچی اکیڈمی کی پر خلوص حوصلہ افزائی اور رہنمائی کے نتیجے میں موجودہ شاعروں کے فکر و خیالات میں وسعت پیدا ہوئی ہے، اخبارات و رسائل صرف اپنے طور پر ادارے کی پالیسی کے ذریعے شاعری شائع کرتے ہیں اس وجہ سے بلوچی شاعروں کی حوصلہ افزائی نہیں ہو پاتی۔ اسی وجہ سے بلوچی اکیڈمی نے حتی الوسع نئے شعراء کی متعدد کتابیں شائع کی ہیں۔ بلوچی جدید و قدیم شاعری کی مطبوعات 77 ہیں۔

تراجم

دنیا کے ادب کی تاریخ ایسی مثالوں سے بھری ہے کہ ادب کا شوق رکھنے والوں نے بے انتہاء دولت خرچ کر کے غیر ملکی زبانوں سے معیاری اور اہم کتابوں کو ترجمہ کرایا۔ تاکہ وہ ایسے ادب سے محروم نہ رہ جائیں۔

آج کی دنیا کی ترقی یافتہ زبانوں میں بھی ہر سال ہزاروں کی تعداد میں غیر ملکی زبانوں کے ادب سے شہ پاروں کو ترجمہ اور ادیب حضرات اپنی زبان کے علمی سرمائے میں قارئین کے لئے اضافہ کرتے ہیں

دیگر ملکی اور غیر ملکی زبانوں میں تحقیق شدہ یا تخلیقی ادب کو بلوچی زبان میں تراجم مسلمہ طور پر علمی ترقی کی بنیاد بنتے ہیں۔ اس لئے بلوچی اکیڈمی نے ملکی اور غیر ملکی زبانوں کی انتہائی اہم کتب کے تراجم کئے ہیں۔

ضرب الامثال

انسانی سوچ وفکر کی تاریخ میں مفکروں، عالموں اور دانشوروں کے اقوال کو ایک اہم مقام حاصل ہے۔ یہ اعلیٰ نظریات وخیالات کے ماخذ اور ترجمان ہوتے ہیں۔ نیز انسانی سوچ کو جلا دینے کا ذریعہ بنتے ہیں۔ ان میں انسانوں کے علم میں اضافے کے ساتھ ہی ان کی تربیت کا سامان بھی ہوتا ہے۔ بلوچی اقوال انسان دوستی۔ امن اور محبت واخوت کا پرچار کرتے ہیں۔

بلوچی اقوال اشعار کی طرح ہوتے ہیں اور ان میں ادبی چاشنی ہے اور انسانی تربیت کا پہلو بھی۔ اکیڈمی کی شائع شدہ اقوال کی کتابوں میں ایسے ذہن کشا اور فکر انگیز بہت سے اقوال ہیں جو اہل قلم کو اپنی تحریروں اور تقریروں کو موثر اور مدلل بنانے میں مدد دیتے ہیں۔

بلوچی اکیڈمی کی جانب سے دانشوروں کی جمع کردہ ضرب الامثال کی 5 کتابیں شائع کی گئی ہیں۔

قصے/کہانیاں/افسانے/ناول

بلوچی اکیڈمی کی جانب سے شائع شدہ کہانیوں میں بلوچستان کے دیہی علاقوں کے سماجی مسائل کو موضوع بنایا گیا ہے اور یہ تمام کہانیاں ہمارے اردگرد ہنستے، روتے اور دکھ اٹھاتے لوگوں کی داستانیں ہیں۔ بلوچی اکیڈمی نے اس ضمن میں 36 کتابیں شائع کی ہیں۔

ہمہ نوع کتب

ان کے علاوہ اکیڈمی نے ڈرامے، صحافت، تراجم، ببلوگرافی، مذہب، ثقافت، معاشرت، قانون، زراعت، سائنس، کھیل، معیشت، شخصیات، صنعت، سیاست، اخلاقیات اور سفرنامے کے زیر عنوان بھی کتابیں شائع کی ہیں۔ جن کی تفصیل ضمیمہ (ف) پر ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

o

بلوچی ڈکشنری

بلوچی اکیڈمی نے 2001ء میں بلوچی ڈکشنری پر کام شروع کرنے کیلئے مندرجہ ذیل حضرات پر مشتمل ایک (ڈکشنری) کمیٹی تشکیل دی!

1۔ جناب جان محمد دشتی چیئرمین

2۔ جناب منیر جان بلوچ ممبر

3۔ جناب واحد بزدار ممبر

اور بلوچی زبان کے تمام لہجوں اور علاقائی بولیوں کو ملحوظ خاطر رکھ کر مختلف علاقوں کے مندرجہ ذیل بلوچ محققین ڈکشنری کی تیاری کے لئے ایڈیٹر مقرر کر دیئے گئے۔

1۔ جناب جان محمد دشتی ایڈیٹر انچیف

2۔ جناب الفت نسیم (پنجگور) ایڈیٹر

3۔ جناب گلزار خان مری (کوہلو) ایڈیٹر

4۔ جناب غوث بہار (اورماڑہ) ایڈیٹر

5۔ جناب غنی پہوال (کراچی) ایڈیٹر

6۔ پروفیسر عبدالصبور بلوچ (تربت) ایڈیٹر

7۔ پروفیسر محمد یوسف بلوچ (نوشکی) ایڈیٹر

8۔ جناب ڈاکٹر عینی بلوچ (خاران) ایڈیٹر

9۔ جناب پروفیسر واحد بزدار (کوہ سلیمان) ایڈیٹر

10۔ جناب ساجد بزدار (ڈیرہ غازی خان) ایڈیٹر

11۔ مولوی عبدالحق بلوچ (تربت) ایڈیٹر

12۔ جناب یوسف گچکی (تربت) ایڈیٹر

13۔ اشرف سربازی (ایران) ایڈیٹر

کتب خانہ الائبریری

افراد کی تربیت اور ترقی میں لائبریریاں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں ان کی موجودگی کسی بھی آبادی کے تہذیبی رجحانات اور ترجیحات کی عکاسی کرتی ہیں۔ لہٰذا اس کی اہمیت و مقبولیت کے پیش نظر اکیڈمی میں تحقیقی کام انجام دینے کیلئے مختلف کتب و رسائل پر مشتمل ایک کتب خانہ موجود ہے۔ جس سے محققین خاطر خواہ استفادہ کرسکتے ہیں۔ اس کتب خانہ میں بلوچی زبان وادب، تاریخ وثقافت کے علاوہ دیگر زبان وادب کی کتابیں بھی موجود ہیں۔ اس کے علاوہ قدیم اور نایاب کتب کی عکسی نقول اور برٹش لائبریری لندن سے قدیم قلمی نسخوں کی مائیکروفلمیں بھی حاصل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ علمی واشاعتی اداروں کے ساتھ تبادلہ کتب کا سلسلہ جاری ہے اور بعض اہل علم حضرات سے نادر کتب کا حصول بھی شروع کیا گیا ہے۔ اس وقت ہماری لائبریری میں بلوچی اکیڈمی کی اپنی مطبوعات کے علاوہ انگریزی، اردو، بلوچی، براہوئی، سندھی، پشتو، سرائیکی، پنجابی، فارسی، عربی اور دیگر زبانوں کی سینکڑوں حوالہ جاتی کتابیں موجود ہیں۔

بلوچی اکیڈمی کی لائبریری ایک وسیع رقبے پر پھیلی ہوئی ہے جس میں بینچ میز اور کرسیاں موجود ہیں جہاں سی ایس ایس، پی سی ایس اور دیگر امتحانات کی تیاری اور عام مطالعہ کے شائقین کے لئے ہمہ نوع سہولیات موجود ہیں۔ ابتداء میں ایک کوالیفائیڈ لائبریرین کو متعین کیا گیا تھا۔ لائبریری صبح 10 بجے سے ایک بجے اور شام 3 بجے رات 8 بجے تک کھلی رہتی ہے۔

o

علمی ادبی اداروں کو کتب کی تقسیم

بلوچی اکیڈمی نے مختلف لائبریریوں کو اعزازی طور پر اپنی مطبوعات دی ہیں۔
جن میں درج ذیل ادارے قابل ذکر ہیں۔

نمبر شمار	نام ادارہ	مقام
1۔	نرسنگ انسٹی ٹیوٹ کولواہ	آواران
2۔	راسکو ادبی دیوان	نوشکی
3۔	نصیر کبدانی لبزانکی دیوان	خاران
4۔	بلوچ وانندہ گل لائبریری	سریاب
5۔	گلرنگ آرٹس اینڈ ویلفیئر سوسائٹی	خضدار
6۔	ریسرچ سنٹر	قلات
7۔	میونسپل لائبریری	راولپنڈی
8۔	اکادمی ادبیات	اسلام آباد
9۔	ایلم لائبریری	مستونگ
10۔	ملک آسا لائبریری	تسپ
11۔	کیچ ایجوکیشنل ڈویلپمنٹ سوسائٹی	گھنہ
12۔	شہید محمد قاسم پبلک لائبریری	ڈیرہ مراد جمالی

13۔	لائبریری آف کانگریس امریکن لائبریری	کراچی
14۔	شہید سہراب مری ریفرنس کتابجاہ۔	تربت/آواران
15۔	نیشنل آرکائز آف پاکستان	اسلام آباد
16۔	نیشنل لائبریری آف پاکستان	اسلام آباد
17۔	علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی	اسلام آباد
18۔	نیشنل پارٹی لائبریری	کوئٹہ
19۔	عزت اکیڈمی	پنجگور
20۔	میر گل خان نصیر	لائبریری نوشکی
21۔	ناصر آباد لائبریری	تربت
22۔	یوتھ لائبریری	آبسر
23۔	گسدپ لائبریری	کیچ
24۔	محمد علی لائبریری	سریاب
25۔	پبلک لائبریری	سجاول
26۔	برمش لائبریری ڈنک	کیچ
27۔	نیشنل مومنٹ میوزیم	اسلام آباد
28۔	نصیر کبدانی لبزانکی دیوان	خاران
29۔	باقی بلوچ لائبریری	بل نگور تربت
30۔	سندھی لینگوئج اتھارٹی	حیدرآباد

31۔	بزم ثقافت	ملتان
32۔	انسٹی ٹیوٹ آف سندھیالوجی	جام شورو
33۔	کولواہ لرننگ انسٹی ٹیوٹ	آواران
34۔	سندھ کلچر اینڈ ٹورزیم لیاقت میموریل لائبریری۔	سندھ
35۔	ہائی اسکول کھوڑواہ	بدین
36۔	نوکیں شہب سوشل ڈویلپمنٹ سوسائٹی	پنجگور
37۔	دیہی اجتماعی ترقیاتی کونسل	گوادر
38۔	بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی۔	خضدار
39۔	براہوئی ڈیپارٹمنٹ بلوچستان یونیورسٹی	کوئٹہ
40۔	بلوچی ڈیپارٹمنٹ بلوچستان یونیورسٹی	کوئٹہ
41۔	لائبریری آف بلوچستان یونیورسٹی	کوئٹہ
42۔	بلوچستان اکیڈمی	کیچ
43۔	شعبہ سندھی، یونیورسٹی آف سندھ	جام شورو
44۔	ڈگری/انٹرمیڈیٹ کالجز بلوچستان	25

O

قراردادیں/مطالبات

بلوچی اکیڈمی اپنے سالانہ اجلاسوں میں متعدد قراردادیں منظور کرتی رہی ہے۔ جن میں مندرجہ ذیل قابل ذکر ہیں۔

1۔ یونیورسٹی میں شعبہ بلوچی، براہوئی قائم کیا جائے

14-12-1969 کو بلوچی اکیڈمی نے یونیورسٹی میں شعبہ بلوچی، براہوئی قائم کرنے کے لئے ایک قرارداد کے ذریعے مطالبہ کیا۔

(اکیڈمی کے اس قرارداد پر بلوچستان یونیورسٹی میں بلوچی اور براہوئی کے شعبے قائم کردیئے گئے)

2۔ صوبے کے اسکولوں میں مادری زبانوں کو ذریعہ تعلیم بنایا جائے

"بلوچی اکیڈمی کا یہ اجلاس صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اقوام متحدہ کے جنرل اسمبلی کے 1992ء کے قرارداد، آرٹیکل نمبر 4 سیکشن نمبر III کی پاسداری کرتے ہوئے صوبے کی اسکولوں میں مادری زبانوں کو ذریعہ تعلیم بنانے کے لئے اقدامات کرے"۔

3۔ الیکٹرانک میڈیا میں بلوچی زبان کے پروگراموں کو زیادہ وقت دیا جائے

"بلوچی اکیڈمی کا یہ اجلاس حکومت پاکستان سے مطالبہ کرتا ہے کہ الیکٹرانک میڈیا میں بلوچی زبان کے پروگراموں کو زیادہ وقت دی جائے اور پروگراموں کا معیار بہتر بنایا جائے۔ خصوصی طور پر پی ٹی وی بولان میں بلوچی زبان کو پرائم ٹائم دیا جائے اور پی ٹی وی بولان کو ایسے بلوچ پروڈیوسروں کے ماتحت کیا جائے جو بلوچی زبان، بلوچ ثقافت اور تاریخ سے آشنا ہوں نیز پاکستان کے دوسرے صوبوں میں بلوچوں

کیلئے بلوچی پروگرام نشر کئے جائیں۔ ریڈیو پاکستان کوئٹہ اور پاکستان ٹیلی ویژن کوئٹہ میں بلوچ فنکاروں کے مختلف پروگراموں کو پیش کرتے وقت، بلوچی زبان وادب، بلوچ ثقافت اور پروگرامز کے لئے معیار پر خصوصی توجہ دی جائے نیز FM-101 میں بلوچی کے پروگرام فوری طور پر شروع کئے جائیں''۔

4۔ بلوچی زبان کے ادبی اداروں کی مالی مدد کی جائے

''بلوچی اکیڈمی اس بات پر انتہائی افسوس کا اظہار کرتی ہے کہ حکومت پاکستان اور مرکزی وزارت تعلیم اور چاروں صوبائی حکومتوں کی طرف سے کراچی سندھ اور پنجاب میں بلوچی زبان وادب کی خدمت کرنے والے شعراء، ادباء اور ادبی اداروں کو کسی قسم کی مالی امداد نہیں کی جاتی ہے اور نہ ہی انہیں کسی قسم کی حکومتی سرپرستی یا توجہ حاصل ہے''۔

''بلوچی اکیڈمی حکومت بلوچستان، حکومت سندھ، حکومت پنجاب، حکومت پاکستان اور مرکزی وزارت تعلیم اور اکادمی ادبیات سے درخواست کرتی ہے کہ بلوچی زبان کے ادبی اداروں کی مالی مدد کی جائے''۔

5۔ ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے بلوچی پروگراموں کا معیار بہتر بنایا جائے

''بلوچی اکیڈمی کا یہ دیوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ ریڈیو اور ٹیلی ویژن اور ایسے ہی وفاقی اداروں میں بلوچی پروگراموں کا معیار بہتر بنایا جائے اور پروگراموں کیلئے بلوچی زبان کے ادیبوں اور دانشوروں کی خدمات سے استفادہ کیا جائے''۔

نیز نیشنل چینل کے بلوچی پروگراموں کا معیار بہتر بنایا جائے اور اس سلسلے میں دانشوروں سے صلاح ومشورہ کیا جائے تاکہ قوم کا ادبی اور ثقافتی روح مجروح نہ ہونے پائے اور مقابلے کا ایک رجحان پیدا ہوسکے جو آگے چل کر زبان، ادب، ثقافت اور فن کیلئے فائدہ مند ثابت ہوسکے۔

6۔ اکادمی ادبیات کے بورڈ آف گورنرز میں بلوچی اکیڈمی کو نمائندگی دی جائے

"یہ افسوسناک امر قابل ذکر ہے کہ اکادمی ادبیات کے بورڈ آف گورنرز میں بلوچی اکیڈمی کی نمائندگی نہیں ہے۔ مجلس عمومی کا یہ اجلاس مطالبہ کرتا ہے کہ اکادمی ادبیات پاکستان بلوچی زبان وادب اور ثقافت سے متعلق تمام معاملات میں بلوچی اکیڈمی سے صلاح ومشورہ کرے اور اس مقصد کے لئے اکادمی ادبیات کے بورڈ آف گورنرز میں بلوچی اکیڈمی کو جائز نمائندگی دی جائے"۔

7۔ بلوچی زبان کے رسائل وجرائد کو اشتہارات دیے جائیں

"بلوچی اکیڈمی کا یہ اجلاس اس بات پر افسوس کا اظہار کرتا ہے کہ بلوچی رسائل وجرائد کو حکومت کی طرف سے کوئی مالی مدد نہیں مل رہا ہے۔ حکومت پاکستان اور محکمہ اطلاعات بلوچستان، دوسرے زبانوں کے رسائل وجرائد کے مقابلے میں بلوچی رسالوں کو اشتہارات نہیں دیتا اگر دیتا بھی ہے تو بہت قلیل تعداد میں دیتا ہے۔ یہ دیوان اس بات پر زور دیتا ہے کہ حکومت بلوچستان اور محکمہ اطلاعات بلوچی رسائل کو مناسب اشتہارات دے تاکہ وہ بلوچی زبان وادب اور ثقافت کی زیادہ سے زیادہ خدمت کرسکیں"۔

8۔ بلوچستان کے فنکاروں کے لئے فاؤنڈیشن قائم کیا جائے

"بلوچی اکیڈمی صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ بلوچستان کے فنکاروں کے لئے فاؤنڈیشن قائم کیا جائے"۔

9۔ صوبائی زبانوں کو قومی زبان کا درجہ دیا جائے

"بلوچی اکیڈمی یہ بات واضح کرتی ہے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کی اساس چار وحدتوں پر قائم ہے جن میں بولی جانے والی زبانیں کسی لحاظ سے بھی آئین اور مملکت کے استحکام کے منافی نہیں ہیں۔ لہٰذا بلوچی اکیڈمی کا مطالبہ ہے کہ وفاقی حکومت چاروں وفاقی وحدتوں میں بولی جانے والی زبانوں کو قومی زبانوں کا درجہ دے۔ جبکہ اردو رابطے کی زبان ہے اور انگریزی بین الاقوامی زبان ہونے کے ناطے سرکاری زبان کا درجہ رکھتی ہے جس سے کوئی ذی شعور شخص انکار نہیں کرسکتا"۔ (جولائی 1996ء)

10۔ یونیورسٹی میں ایم اے اور بی اے بلوچی کے نصاب تیار کیے جائیں

''بلوچی اکیڈمی نے اس امر پر انتہائی افسوس کا اظہار کیا کہ بلوچستان یونیورسٹی میں ایم اے نصاب بنایا گیا اور نہ ہی کالجوں میں بلوچی پڑھانے کے لئے اس طرح کا کوئی نصاب ہے۔ بلوچی اکیڈمی بلوچستان یونیورسٹی اور محکمہ تعلیم کے اختیارداروں سے مطالبہ کرتا ہے کہ بلوچی ایم اے، اور بی اے کے نصاب تیار کیے جائیں''۔(جولائی 1996ء)

نوٹ:(بلوچی اکیڈمی کے مطالبے پر ایم اے بی اے کی نصاب تیار کیے)

11۔ اکیڈمی کو پلاٹ کی فراہمی اور گرانٹ میں اضافے پر سردار اختر جان کا شکریہ

''بلوچی اکیڈمی نے اپنے اجلاس میں ایک قرارداد کے ذریعے وزیر اعلیٰ سردار اختر جان مینگل کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے بلوچی اکیڈمی کے لئے ایک بیش بہا پلاٹ، سالانہ دس لاکھ روپے اور اس کے علاوہ عطا شاد کے بچوں کی مالی مدد کی''۔(جون 1997ء)

12۔ انسکمب روڈ کا نام عطا شاد روڈ رکھا جائے

''بلوچی اکیڈمی حکومت بلوچستان سے مطالبہ کرتی ہے کہ انسکمب روڈ کا نام عطا شاد روڈ رکھا جائے''۔(جولائی 1997ء)

13۔ بلوچستان میوزیم کے لئے عمارت کا بندوبست کیا جائے

''بلوچی اکیڈمی نے اپنے اجلاس میں گورنر بلوچستان اور حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ بلوچستان میوزیم کے لئے مناسب عمارت کا بندوبست کرے تاکہ آثار قدیمہ کی اشیاء کو مناسب طریقے سے محفوظ کیا جا سکے''۔(اگست 2000ء)

14۔ سید گنج کی چھپائی پر مبارکباد

''بلوچی اکیڈمی نے اپنے دیوان میں ایک قرارداد کے ذریعے سید ظہور شاہ ہاشمی کو مبارکباد دی کہ انہوں نے اپنی کاوشوں سے ''سید گنج'' چھپوائی''۔

15۔ ایران شہر میں بلوچی زبان وادب وثقافتی مرکز

''بلوچی اکیڈمی نے اپنے اجلاس (منعقد اگست 2000ء) میں اسلامی جمہوریہ ایران کی حکومت کے اس اقدام کو سراہا کہ انہوں نے بلوچی زبان وادب، اور ثقافت کی ترقی وترویج کے لئے ایران شہر میں ثقافتی مرکز قائم کیا ہے۔ بلوچی اکیڈمی حکومت ایران سے یہ امید بھی رکھتی ہے کہ وہ ریڈیو میں بلوچی زبان کے لئے وقت مقرر کریگی اور ٹیلی ویژن کے پروگراموں میں بھی بلوچی زبان کو شامل کریگی''۔

16۔ اپسالا یونیورسٹی میں لینگویج میوزیم

''بلوچی اکیڈمی کا یہ دیوان اپسالا یونیورسٹی کی جانب سے بلوچی زبان کے لئے'' لینگویج میوزیم'' قائم کرنے کو نیک شگون سمجھتا ہے اور ان کو اس اقدام پر مبارکباد دیتا ہے''۔

o

تقریبات

سلور جوبلی

بلوچی اکیڈمی کے 25 سال گزرنے کے بعد 27 مئی 1988ء کو سلور جوبلی کے حوالے سے ایک دوروزہ ادبی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں بلوچستان کے علاوہ، سندھ، پنجاب اور سرحد کے نامور دانشور، ادیب اور مورخین نے زبان، ادب اور تاریخ سے متعلق پُرمغز مقالے پڑھے۔ سیمینار میں جن حضرات نے مقالے پیش کئے۔ ان میں بشیر بلوچ، عطا شاد (مرحوم) مسٹر آندرو ولیکس (وائس چانسلر اور ینٹل لینگوئجز یونیورسٹی، اٹلی) عزیز بگٹی، آغا نصیر خان، ملک محمد رمضان بلوچ (مرحوم) عبدالغفار ندیم، نواز طاہر (ڈائریکٹر پشتو ادبیات) سید عابد شاہ عابد، سجاد حیدر (ڈائریکٹر پنجابی ادبی بورڈ) پروفیسر خلیل صدیقی (مرحوم) قابل ذکر ہیں۔ ان کے علاوہ پروفیسر مجتبیٰ حسین (مرحوم) ڈاکٹر اکبر ایس احمد، ڈاکٹر نبی بخش بلوچ، علامہ غلام مصطفیٰ قاسمی نے بھی تقاریر کیں۔ جبکہ سیمینار کی آخری رات مشاعرہ، موسیقی اور لوک رقص کی محفلیں منعقد کی گئیں۔

عطا شاد ادبی ریفرنس

12 جون 1999ء کو ''عطا شاد ادبی ریفرنس'' منعقد کیا گیا۔ سینیٹر جمیل الدین عالی کی زیر صدارت انجمن دبستان بولان کوئٹہ کے زیر اہتمام منعقدہ اس ادبی ریفرنس میں امین جالندھری، ایوب بلوچ، پروفیسر سہیل احمد خان نیازی، پروفیسر عزیز جبران، پروفیسر مرزا اسلم بیگ، ڈاکٹر طاہر تونسوی، استاد رشید انجم اور حمایت علی شاعر نے عطا شاد کی شخصیت اور فن پر اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

افتتاحی تقریب

اکیڈمی کمپلیکس کا باقاعدہ افتتاح 5 مئی 1999ء کو ہوا۔ جناب اختر مینگل اس تقریب کے مہمان خصوصی تھے ان کی تقریر ضمیمہ ''م'' پر ملاحظہ ہو۔ اکیڈمی کے چیئرمین نے اس موقع پر جو تقریر کی اس کے اقتباسات ضمیمہ ''ل'' میں ملاحظہ ہوں۔

ادبی تقریبات

مختلف ادبی اداروں نے بلوچی اکیڈمی کے کانفرنس ہال میں درج ذیل تقریبات منعقد کی ہیں۔

☆ 12 جون 1999ء کو انجمن دبستان نے عطاشاد کی یاد میں ایک بین الصوبائی کانفرنس منعقد کی۔

☆ 13 مارچ 2000ء براہوئی ادبی سوسائٹی نے اکیڈمی کے کانفرنس ہال میں ایک ادبی پروگرام منعقد کیا۔

☆ 14 مئی 2000ء کاروان ادب نے ایک ادبی محفل کا انعقاد کیا۔

☆ 26 اگست 2000ء کو انجمن دبستان بولان کوئٹہ نے بلوچی اکیڈمی کے کانفرنس ہال میں محفل مشاعرہ منعقد کیا۔

☆ 27 اگست 2000ء کو ادبی ادارہ ''ادب وفکر'' جنگ کوئٹہ نے ایک تنقیدی دیوان منعقد کیا۔

☆ 16 ستمبر 2000ء کو اکادمی ادبیات پاکستان کی جانب سے اردو کے نامور شاعر ماہر افغانی کی فن وشخصیت پر ایک دیوان منعقد کیا گیا۔

☆ 15 ستمبر 2000ء کو دستگیر اکیڈمی نے بلوچی اکیڈمی کے ہال میں ایک مشاعرہ منعقد کیا۔

☆ 29 اکتوبر 2000ء کو علمی ادبی ادارہ ''حرف وحکایت'' نے ایک علمی دیوان منعقد کیا۔

☆ 25 نومبر 2000ء کو پشتو اکیڈمی کی جانب سے نامور پشتو شاعر فریادی کے فن وحیات سے متعلق ایک تقریب منعقد کی گئی۔

☆ یکم اپریل 2001ء سے ہر دوسرے اتوار کو پشتو ادبی ملگری نے ادبی دیوان منعقد کرتا رہا۔

☆ 30 اپریل 2001ء کو انجمن دبستان نے ایک ادبی محفل منعقد کیا۔

☆ 25 مئی 2001ء کو اکادمی ادبیات نے ایک مشاعرہ منعقد کیا۔

☆ 25 مئی 2001ء کو اکادمی ادبیات نے پشتو کے شاعر حمزہ شنواری کے بارے میں ایک دیوان منعقد کیا۔

☆ 31 مئی 2001ء کو بلوچستان کے نامور شاعر میر یوسف عزیز مگسی کی یاد میں ایک تقریب منعقد کی گئی۔

☆ 15 جون 2001ء کو براہوئی ادبی سوسائٹی کی جانب سے ایک مشاعرہ منعقد کیا گیا۔

☆ 20 مارچ 2004ء کو بلوچستان سوشل فورم کا ایک پروگرام منعقد ہوا۔

☆ 11 مئی 2004 کو براہوئی ادبی سوسائٹی کی سالگرہ کی تقریب منعقد ہوئی۔

☆ 27 جون 2004ء کو ملگری لیکوال تنظیم نے ادبی پروگرام کا انعقاد کرایا۔

☆ 26 اگست 2004ء کو IDSP نے ادبی پروگرام منعقد کرایا۔

☆ 9 ستمبر 2004ء کو IDSP نے ادبی پروگرام منعقد کرایا۔

☆ 21 مارچ 2005ء کو عورت فاؤنڈیشن نے تنظیمی پروگرام منعقد کیا۔

☆ 11 جون 2005ء کو ہیومن رائٹس کمیشن پاکستان کا اجلاس ہوا۔

☆ 12 جون 2005ء کو سندھی، براہوئی ادبی کانفرنس کا انعقاد کرایا گیا۔

☆ 8 جولائی 2005ء کو ہیومن رائٹس کمیشن پاکستان کا اجلاس ہوا۔

☆ 20 اگست 2005ء کو براھوی ادبی سوسائٹی کی تنقیدی نشست (بنام کتاب زندان افسانوی مجموعہ) منعقد ہوئی۔

☆ 24 جنوری 2007ء کو رضا کار تنظیم سحر آرگنائزیشن نے اپنی انتظامی تقریب منعقد کی۔

☆ 27/22 اگست 2008ء کو سحر آرگنائزیشن کا اجلاس منعقد ہوا۔

☆ 8مارچ 2009 کو پاکستان فارماسسٹ ایسوی ایشن بلوچستان کی ایک تقریب منعقد ہوئی۔

☆ 27اپریل 2010 کو سحر نے اپنے پروگرام منعقد کیے۔

☆ 11اگست 2010 کو بلوچستان پاور لانگ ، ایسوی ایشن کی تقریب منعقد ہوئی۔

☆ 25ستمبر 2010 کو مائکرو انٹر پرائزز ڈیولپمنٹ نے ٹریننگ کورس منعقد کیا۔

☆ 6دسمبر 2010 کو مائکرو وانٹر پرائزز ڈیولپمنٹ نے ٹریننگ کورس منعقد کیا۔

☆ 11جولائی 2010 کو پاکستان فارماسسٹ ایسوی ایشن کی تقریب منعقد ہوئی۔

☆ 18جنوری 2011 رضا کار تنظیم سحر نے پروگرام منعقد کیا۔

☆ یکم جون 2011 میں سنگت اکیڈمی کے زیر اہتمام امریکہ میں مقیم معروف خاتون افسانہ نگار ، شاعرہ محترمہ فرحت پروین کے ساتھ ایک نشست منعقد ہوئی جس میں ڈاکٹر شاہ محمد مری، افضل مراد، ڈاکٹر فاطمہ حسن، ڈاکٹر علی کمیل قزلباش، تسیم صنم، عابد میر، غلام علی، ساجد شہزاد، جاوید اختر اور اکبر ساسولی نے شرکت کی۔

☆ 27جون 2011 کو بلوچستان یونیورسٹی کے شعبہ بلوچی کے 20 طلباء کے ایک وفد نے ڈاکٹر عبدالصبور بلوچ کی سربراہی میں اکیڈمی کا دورہ کیا۔ وفد نے اکیڈمی کی عمارت ۔سکالرز لاج، لائبریری اور دفاتر کا معائنہ کیا۔ اشیر عبدالقادر شاہوانی جنرل سیکرٹری نے بلوچی اکیڈمی کی کارکردگی کے بارے میں بریفنگ دی۔

☆ 29جون 2011 کو رضا کار تنظیم IDO نے ایک مذاکراتی نشست کا انعقاد کیا۔

O

سیمینار

1۔ سیمینار (بلوچستان ادب وثقافت) جولائی 1996ء اکادمی ادبیات کے سیمینار میں ادب ثقافت جمہوریت کے زیر عنوان مقالے پڑھے گئے۔

پاکستان ایک کثیر القومی مملکت ہے۔ یہاں کی ثقافت، اپنی وسعت میں بے کراں ہے۔ یہاں کی تہذیبی قدریں، زبان وادب، اس مملکت کا اصل سرمایہ ہیں، اسکے وجود کے ضامن ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ثقافتی پالیسی واضح اور دوٹوک ہونی چاہیئے، ادب کھلے ذہنوں کی تخلیق ہوتا ہے، اس کا کسی قسم کی بنیاد پرستی سے چاہے وہ سیاسی ہو، معاشرتی ہو یا مذہبی، قطعاً کوئی رشتہ نہیں۔ لہٰذا اس حوالے سے جو پالیسی ترتیب دی جائے اسے بنیاد پرستی سے بالاتر ہونا چاہیے۔

پاکستان میں قومیتوں کے ثقافتی حقوق کے بارے میں ہمیشہ ابہام کی سی کیفیت رہی۔ ایک خوف رہا حکمرانوں کے دلوں میں۔ یہاں کے لوگوں سے انکی ثقافت سے۔ اس لئے یہاں کی اقوام کے ثقافتی تشخص کو صحیح معنوں میں کبھی اجاگر نہیں کیا گیا۔ لوگ جو اقتدار میں رہے۔ انہیں خوف آیا اس بات سے کہ وہ بلوچی، سندھی، پشتو یا پنجابی زبان وثقافت کو تسلیم کریں اور خوف کا یہ سلسلہ کئی دہائیوں پر محیط ہے۔ اس طرح کی غیر فطری، غیر حقیقت پسندانہ پالیسی کو برقرار رکھنے اور اس کیلئے مناسب جواز کی تگ و دو میں جو پروپیگنڈہ ہوا، اس سے ذہنی اور فکری فتور نے اس طرح جنم لیا کہ ایک طرف پاکستان میں قومیتوں کے حقوق سے انکار کیا گیا، بلکہ ان کے وجود سے انکار کیا گیا اور دوسری طرف انکی زبان وثقافت سے انکار حکومتی پالیسی کا حصہ بنا رہا۔ اس ایک حقیقت سے انکار نے، ریاستی اداروں کیلئے الجھنیں پیدا کیں۔ اس طرح پاکستانی کلچر کو بلا جواز مشرق وسطیٰ کی ثقافت سے وابستہ کرنے کی غیر ضروری کوششیں کی جاتی رہیں۔ حالانکہ پاکستان ثقافتی اعتبار سے مشرق وسطیٰ سے جڑا ہوا نہیں ہے۔ ہماری اپنی شناخت ہے، ہمارے کلچر کی اپنی ایک پرکشش پرسنلٹی ہے۔ پاکستانی اقوام جو صدیوں سے یہاں آباد ہیں، انکی علاقائی ثقافت میں سنٹرل ایشیا اور خود برصغیر پاک وہند کا کلچر سمٹا ہوا ہے، سمویا ہوا ہے۔ لیکن

چونکہ یہاں پاکستانی عوام کی خواہشات کو اہمیت نہیں دی گئی اس لئے ایک طرف مذہبی وابستگی کا سہارا لیا جاتا رہا اور دوسری طرف پاکستانی کلچر کو مڈل ایسٹ کے ان ممالک سے جوڑا گیا جہاں عرب آباد ہیں اور جو اسلام کے پیروکار ہیں۔ اسی مذہبی مماثلت کو، اسی مذہبی ہم آہنگی کو ثقافتی مماثلت کا نام دیکر پاکستانی اقوام کے اصل ثقافتی تشخص کی نفی کی جاتی رہی۔ اس سے بظاہر کئی فوائد حاصل ہوتے رہے۔ یہ فوائد سیاسی تھے، حکمرانی سے متعلق تھے، سماجی تھے، یہ سب وقتی اور عارضی تھے۔ لیکن اس سے یہ کام ضرور ہوا کہ پوری قوم ایک ثقافتی ابہام کے بھنور میں پھنس کر رہ گئی۔

اب بھی وقت ہے کہ پاکستانی کلچر کی شناخت، اسکی اقوام کی زبان اور ثقافت، جو جغرافیائی اور تاریخی رشتوں میں پروئی ہوئی ہے اسے بنیاد بنا کر ثقافتی پالیسی تشکیل دی جائے۔ اور یہ پالیسی ہمہ گیر ہو، اس میں وسعت ہو، یہ پاکستان کی ثقافتی اور لسانی سچائیوں سے ہم آہنگ ہو۔

بلوچی اکیڈمی سے وابستہ ادیبوں اور دانشوروں نے یہ بات محسوس کی ہے اور بڑی شدت سے محسوس کی ہے کہ اس طرح کی کلچرل پالیسی میں مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ ثقافتی پالیسی ایسی ہو کہ جس میں بالغ نظری ہو، یہ وقتی سیاسی ضرورتوں کے تابع نہ ہو۔ یہ تاریخی حقائق پر مبنی، ثقافتی حقائق پر مبنی، اپنی مٹی سے نمو پائی ہوئی اور لوگوں کے احساسات پر مبنی ہو۔

پاکستانی معاشرہ بڑی آزمائشوں سے گذرا ہے۔ اس نے بڑا سخت وقت دیکھا ہے، کٹھن راہیں طے کی ہیں۔ آمریت کے طویل ادوار دیکھے ہیں، ظلم اور ناانصافی دیکھی ہے۔ اور ابھی تک امید، خوف اور غیر یقینی کی یہ فضا ختم ہونے کو نہیں آئی۔

سماجی زندگی کا رخ ابھی تک متعین ہونا باقی ہے۔ بلوچستان میں بالخصوص اور پاکستان میں بالعموم جہد حیات کی راہیں واضح نہیں ہوئی ہیں۔ کافی عرصہ بعد، عوام کو اپنی سیاسی قسمت کا فیصلہ کرنے کا اختیار دیا گیا ہے، یہ اختیار ایک خوفزدہ سماج میں، خوف زدہ اور افلاس زدہ لوگوں کو دیا گیا ہے جو اس اختیار کے استعمال سے ہی خوف زدہ نظر آتے ہیں اور پھر وہ اس حق کی، اس اختیار کی حفاظت کے طریقوں سے بھی پوری طرح آشنا نہیں ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ اب زبان اور قلم پر کوئی بندش نہیں، کوئی قدغن نہیں۔ اس دعویٰ کی ظاہری نوعیت پر کسی کو انکار نہیں لیکن اگر صحیح معنوں میں دیکھا جائے تو جہالت، افلاس، گھٹن، بیروزگاری اور خوف کا مارا ہوا بلوچ، پنجابی،

پٹھان، سندھی اپنے قلم یا زبان یا سیاسی آزادی کا نام نہاد حق کہاں تک استعمال کر سکتا ہے یہ سوچنے کی بات ہے۔
یہاں سے تو اصل قصہ کی ابتداء ہوتی ہے۔

ہمارے معاشرے میں نہ صرف یہ کہ تشدد اور نفرت نے رواداری، اخلاق اور محبتوں کی جگہ لے لی ہے بلکہ اس نے فکری ناتوانی کو ابھارا ہے، تنگ نظری کو جنم دیا ہے۔ ان سماجی حقیقتوں نے عام آدمی کے ساتھ ساتھ ادب اور فن کی تخلیق کرنے والے طبقہ کو بے حد متاثر کیا ہے۔ ادیب، شاعر، دانشور، قلم کار، اس معاشرہ میں تنہا نہیں ہیں اور نہ معاشرہ سے وابستہ حقیقتوں کو معیشت، تہذیب اور سیاست کے الگ الگ خانوں میں بانٹا جا سکتا ہے۔

یہاں اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ ادیبوں، دانشوروں اور اہل قلم نے اس ملک کے قیام اور بقا کی جدوجہد میں، اس ملک کے عوام کے حق حکمرانی کی جدوجہد میں، اس ملک کو ظلم و ناانصافی کے اندھیروں سے نکالنے کی جدوجہد میں، بے پناہ قربانیاں دی ہیں۔ عوام کے شانہ بشانہ جنگ لڑی ہے، آمروں سے ٹکر لی ہے، قید و بند کی صعوبتیں کاٹی ہیں کوڑے کھائے ہیں۔ ہر کوئی کہتا ہے کہ ادیب، دانشور، قوم کی اجتماعی فکر کی، اسکی سوچ کی عکاسی کرتا ہے۔ لیکن ادیبوں کے ساتھ، دانشوروں کے ساتھ جو بے اعتنائی برتی جاتی ہے اسے کیا نام دیا جانا چاہیئے۔ میں تو اسے غداری کہوں گا، غداری ان تمام مقاصد سے جو ایک قوم کو اپنی شعوری منزل کی طرف لے جاتے ہیں۔

ہمارے ہاں سیاسی دھارے نے کچھ ایسی جہت اختیار کی ہے کہ یہاں قوم میں سوچ رکھنے والے طبقے کو دیوار کے ساتھ لگایا جاتا ہے۔ نعرے، بہت سستے نعرے، سب سے نچلے طبقے کے نام پر لگائے جاتے ہیں اور فوائد سب سے اونچے طبقے کو پہنچائے جاتے ہیں۔ دانشور، ادیب قلم کار کا کوئی طبقہ نہیں، یہ اپنے آپ میں ایک طبقہ ہے۔ اس کا تعلق فکر سے، سوچ سے ہے، علم و دانش سے ہے۔ اسکی ضرورت حکمرانوں کو بھی ہے، اور عوام کو بھی ہے۔ حکمرانوں کو اسکی ضرورت اس وقت ہوتی ہے جب ملک و ملت کے فکری سرحدوں کو خطرہ لاحق ہو، جب انتشار ہو، جب نفرتیں پھیلیں۔ اس وقت یہی لوگ ادیب، قلمکار، قوم کی شعوری منزل کی طرف رہنمائی کرتے ہیں۔ عوام جب ظلم، ناانصافی کے بھنور میں پھنس جائیں اس وقت بھی یہی طبقہ انکے شانہ بشانہ مصیبتیں جھیلنے کیلئے تیار ہوتا ہے۔ مگر ان لوگوں پر کسی کی نظر نہیں ہے، ان کو کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ کیا اندھیر نگری ہے۔ کیا بے حسی ہے۔
اس موضوع پر میں اس سے زیادہ کچھ نہیں کہنا چاہتا۔

ہم بلوچی اکیڈمی سے وابستہ تمام افراد، پاکستان کی تمام اقوام کے مساوی حقوق کے حامی ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اس ملک کے تمام شہری، بلوچ، پختون، پنجابی، سندھی اور ہندستان سے آئے ہوئے مہاجر، بلا امتیاز نسل، رنگ، زبان، آپس میں مساوی ہیں، انکے حقوق اور فرائض مساوی ہیں۔ ان میں کوئی بڑا نہیں کوئی چھوٹا نہیں اور ایکی زبان کوئی بری نہیں، سب اچھی ہیں سب میٹھی ہیں۔

بلوچی اکیڈمی بنیادی انسانی حقوق پر کسی سیاسی، لسانی، قبائلی یا مذہبی فرقہ پرستی کے حوالے سے لگائی گئی قدغن کو انتہائی تشویش کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور ایسے اقدام کی حمایت کرتی ہے جو انسان کی فکری نشو نما، اس کے آزادانہ اظہار اور ابلاغ کے ضامن ہوں اس طرح ہم سمجھتے ہیں کہ پاکستان کے ہر علاقہ کے باشندوں کو سماجی اور تہذیبی ترقی کا پورا حق حاصل ہونا چاہیئے۔ بلکہ اس حق کو اس حقیقت کو قانونی اور دستوری حمایت حاصل ہونا چاہیئے۔ میں یہ کہنا ضروری سمجھتا ہوں کہ ثقافتی پالیسی کے مقاصد میں جہاں اردو کی ترقی وترویج کی بات کی گئی ہے اور جہاں پاکستانی ثقافتی ورثہ کو محفوظ کرنے اور اسے ترویج دینے کے عزائم کا اظہار ملتا ہے۔ وہاں یہ عزائم یا مقاصد اس وقت تک بے معنی ہوں گے جب تک کہ فراخدلی کے ساتھ، بالغ نظری کے ساتھ، بلوچی،، پشتو، سندھی، پنجابی، سرائیکی زبانوں کی ترقی اور ترویج ان مقاصد کا حصہ نہ ہوں۔ اور واضح طور پر ان کی حمایت نہ کی گئی ہو اور انکی ترقی کے اقدامات تجویز نہ کیئے گئے ہوں۔

بلوچی اکیڈمی کے پاس نہ کوئی آفس ہے نہ اسکے پاس وسائل ہیں کہ وہ اپنی علمی اور ادبی سرگرمیاں جاری رکھ سکے۔ ہم آپ سے گذارش کرتے ہیں کہ اپنی ثقافتی پالیسی کے تحت، جہاں آپ پاکستان کی تمام زبانوں اور ثقافت کیلئے عملی اقدامات چاہتے ہیں، وہاں آپ بلوچی اکیڈمی کیلئے صرف دوملین روپے کی ایک خصوصی گرانٹ کی منظوری دیدیں تاکہ ہم بلوچی اکیڈمی کیلئے ایک مناسب دفتر کا اہتمام کرسکیں۔ ہم آپ سے یہ بھی درخواست کرتے ہیں کہ بلوچی اکیڈمی کی سالانہ گرانٹ میں اضافہ کر کے اسے کم از کم دس لاکھ روپے سالانہ کیا جائے تاکہ بلوچی اکیڈمی اپنے مقاصد کے حصول میں تیزی لا سکے۔

O

ضمیمہ (ط)

عطا شاد ادبی ریفرنس

1997 میں عطا شاد ادبی ریفرنس منعقد کیا گیا جس کی صدارت بلوچستان کے وزیر اعلیٰ سردار اختر جان مینگل نے کی اور اس ریفرنس میں وزیر اعلیٰ نے عطا شاد کے بچوں کی کفالت کیلئے 5 لاکھ روپے اور اُس کی بیٹی کیلئے سرکاری ملازمت اور سرکاری مکان میں رہنے کی منظوری دی۔

اس موقع پر اکیڈمی کے چیئرمین جان محمد دشتی نے جو تقریر کی اُس کے اقتباسات اس طرح ہیں:

"بلوچی شاعری اور بلوچی زبان وادب میں عطا شاد کس حیثیت کا مالک تھا۔ اس پر وہ لوگ اظہار خیال کر سکتے ہیں جو زبان وادب کے امور میں مہارت رکھتے ہیں جو اہل علم و دانش ہیں۔ ہم جیسے عام لوگوں کیلئے تو یہ ہے کہ بلوچی اکیڈمی نے ایک ادبی ریفرینس دائر کیا۔ دیوان منعقد کیا اور ہم اس میں شریک ہوئے۔

بلوچی اکیڈمی نے شاید اس گمان پر کہ عطا شاد مر گیا یہ پرسی دیوان منعقد کیا۔ بلوچی اکیڈمی کے چیئرمین کی حیثیت سے مجھے کئی بار کہا گیا کہ میٹنگ کرو، جلسہ کرو کہ عطا شاد مر گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ عطا شاد جیسا شخص مشکل سے مرتا ہے۔ ایسی شخصیتیں صرف آنکھوں سے اوجھل ہوتی ہیں مرتی نہیں اور پھر عطا نے تو اپنی فکر، اپنی شناخت، اپنی روح، بلوچی کو اپنی شاعری کی شکل میں عطا کی جو لازوال ہے، ابدمان ہے، دائمی ہے۔ اس ابدمانی کا احساس عطا شاد کو خود بھی تھا جب اس نے کہا کہ:

من اگس درچکے آں دے آس منی بالادءَ
بلے پہ پنتے ءَ کوہے بوتچیت چوش نہ بیت

میں عطا شاد کی جسمانی موت کو موت نہیں کہوں گا، قتل کہوں گا، کوش کہوں گا، لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ عطا شاد کا قتل جس معاشرے کے ہاتھوں ہوا، اس کو عطا شاد نے دیا بہت کچھ تھا اس سے لیا کچھ نہیں تھا۔ عطا نے کسی کو نہیں مارا تھا، اس پر کسی کا بدلہ نہیں تھا، اس نے نفرتیں نہیں محبتیں بانٹی تھیں۔ لیکن اس کینہ پرور، ظالم وقت

نے معاشرے نے عطا کو قتل کیا اور اس قتل کا بدلہ لینے کے بجائے اس طرح کے ماتمی دیوان ہم اس لئے منعقد کرتے ہیں کہ اس سے شاید ہمیں اپنے احساس جرم سے نجات ملے۔

آج اگر کوئی کہے کہ عطا شاد کے قاتلوں کا کیا ہوا؟ عطا نے کسی کا کیا بگاڑا تھا۔ بے ضرر بندہ تھا۔ مردم آزار شخص تھا۔ اس نے کسی سے کچھ نہیں لیا لیکن بلوچی زبان و ادب، بلوچی شاعری کو توانائی دی۔ اس کے بدلے اگر ہم نے اسے کچھ دیا تو اسے درد و غم دیا، مایوسی دی، ہم نے اسے وہ مقام نہیں دیا جس کا وہ حق دار تھا۔ دراصل ہم نے عطا کو کبھی نہیں پہچانا۔ اس حقیقت کا اس کو شدت سے احساس تھا اپنی وفات سے چند دن پہلے اپنی ایک غزل میں اس نے اس احساس درد کا یوں ذکر کیا تھا۔

نہ رہ سرے ، نہ نشانے، نہ منزلے نہ مراد
کجا بروت اے دل ءِ کارواں، شپ انت نہ روچ

اسی مایوسی اسی رنج و غم کی حالت میں عطا شاد کی زندگی کا یہ کاروان بظاہر اپنی منزل مراد کو پہنچ گیا۔ اس کے لئے اب نہ احساس شب ہے، نہ احساس روچ۔

اس طرح کے پرسی دیوان روایتی ہیں۔ اس طرح کے ادبی دیوان ادبی منافقت کے زمرے میں آتے ہیں۔ اور یہ اب ہماری ادبی ثقافت کا حصہ بنتے جا رہے ہیں۔ عطا شاد جب تک زندہ تھا کسی نے اس کی خبر نہ لی جب مرا ہم سب ماتم کناں ہیں۔ جس دن عطا شاد کو سپرد خاک کیا گیا، ایک نوجوان ادیب جناب بیزن صبا نے مجھے بلوچی کا ایک محاورہ یاد دلایا:

زندگ انت او لبے نہ دنت پچّی
کہ مریت ہوشے من گورءِ تنچیت

شیکپیئر کا ایک ڈرامہ ہے۔ جولیس سیزر، شیکسپیئر کے ڈرامے، تاریخی ڈرامے، اکثر و بیشتر اس دور کے اس عہد کے ثقافتی، تاریخی اور روایتی حقیقتوں کی عکاسی کرتے ہیں۔ ڈرامہ یوں ہے کہ روم کا حاکم سیزر مارا جاتا ہے۔ اور اس کے قاتل خود اس کے قریبی دوست ہوتے ہیں جن میں بروٹس بھی ہے۔ سیزر کی لاش سینیٹ کی سیڑھیوں کے سامنے پڑی ہے لوگ جمع ہیں اور غمزدہ ہیں۔ اس دوران بروٹس اپنے سازشی ساتھیوں کے ساتھ آجاتا ہے اور کہتا ہے کہ آپ لوگ اس بات پر غمزدہ ہیں

کہ سیزر کو کیوں اور کس نے مارا ہے؟ ہم یہ بتانے آئے ہیں کہ سیزر کو ہم نے مارا ہے۔ لیکن آپ لوگوں کو معلوم نہیں کہ ہم نے سیزر کو کیوں مارا ہے؟ ہم نے سیزر کو اس لئے مارا کہ اس نے روم سے غداری کی، عوام سے غداری کی، ہم سب سے غداری کی۔ روم نے، اس کے عوام نے اس کو عزت اور توقیر دی، اسے حاکم بنایا لیکن اسی سیزر نے عوام کے حق پر ڈاکہ ڈالنے کی کوشش کی۔ اس نے بادشاہت لی۔ اس نے روم کو قتل کرنے کی کوشش کی، اس لئے ہمارے پاس دو راستے تھے۔ یا تو ہم اس کو مارتے یا وہ ہم سب کو یا روم کو مارتا، اس لئے ہم نے اسے مارا۔ لوگ بڑے خوش ہوئے، واہ واہ کی اور کہنے لگے کم از کم ایک غدار سے، ایک وطن فروش سے، ایک غاصب سے تو نجات ملی۔

چند لمحے بعد، مارک انتھونی اپنے کچھ وفادار ساتھیوں کے ہمراہ آ جاتا ہے۔ اور لوگوں سے کہتا ہے کہ لوگو! یہ جو پڑا ہے یہ اس شخص کی لاش ہے جس نے آپ کی خاطر، عوام کی خاطر جنگیں لڑیں لیکن اپنے لئے مال غنیمت اکٹھا نہیں کیا کیونکہ اس کیلیے روم کی سربلندی ہی سب کچھ تھی۔ لیکن آج چند غداروں نے غاصبوں نے روم کے اس عظیم فرزند کو ہمیشہ کیلیے موت کی نیند سلا دیا۔ کیا اس شخص کے قتل کا بدلہ تمہارا فرض نہیں اس پر لوگ مشتعل ہو گئے، تلواریں نکالیں اور سیزر کے قاتلوں کو کیفر کردار تک پہنچایا۔

وقت نے، معاشرے نے، ہم سب نے عطا کو مار دیا۔ روم کے عوام نے اپنے محسن سیزر کے قتل کا بدلہ لیا کیونکہ سیزر نے خدمت کی تھی۔ عطا نے بلوچی کی خدمت کی اور اس حوالے سے بلوچوں کی خدمت کی۔ بلوچی زبان کو شاعری کی انتہا تک پہنچایا لیکن میرے خیال میں بلوچی زبان وادب کے دوز واہ، اس کے ہمدرد اور اس کے حامیوں میں یہ قوت نہیں کہ وہ عطا شاد کی خدمات کا تھوڑا سا بھی بدلہ دے سکیں۔ عطا کے پسماندگان اور اس کے بچوں کی مدد کر سکیں یا یہ کہ وہ بلوچی شاعری کو ایک اور عطا، عطا کر سکیں۔

تقریر کے مزید اقتباسات

بلوچی اکیڈمی کے بنانے والے یا فاؤنڈنگ فادرز کا خیال تھا کہ وہ بلوچی زبان وادب کی خدمت کریں گے۔ انکی یہ بھی خواہش تھی کہ اس کام میں بلوچ قوم کی، اس کے قائدین کی تائید وحمایت یقیناً انہیں حاصل ہوگی۔

اکیڈمی کو آج 39 سال ہوئے ہیں۔ اکیڈمی اور اس کے محدودے چند ممبروں نے بساط بھر

اکیڈمی کی خدمت کی اور کتابیں چھپوائیں، بلوچی زبان وادب کے نایاب سرمایہ کو محفوظ کیا۔ لیکن ان کی خوش فہمی کہ بلوچ قوم کے رہنما یا ان کے عوامی نمائندے اس خدمت میں ان کے ساتھ ہونگے، ان کی حوصلہ افزائی کریں گے، وہ خوش فہمی ہی رہی۔

میں یہ کہوں گا کہ اکیڈمی کے بنانے والے واقعی خوش فہمی میں تھے وہ لوگ مخلص ضرور تھے لیکن جس قوم نے زبان وادب کی خدمت کی، کیا اس قوم نے، اس کے راہنماؤں نے اس بات کو کبھی محسوس کیا کہ ان کی زبان کی ترقی ہونی چاہیئے، ان کی ثقافتی قدروں کی آبیاری ہونی چاہیے، ان کے تاریخی ورثے کو محفوظ ہونا چاہیئے، نہیں۔ زبانی کلامی باتوں کے علاوہ کبھی نہیں۔ اگر واقعی وہ مخلص ہوتے تو 39 سال گذرنے کے بعد بلوچی اکیڈمی اکیڈمی ہی ہوتی۔ یہ مہاجر نہ ہوتی، پاوندہ نہ ہوتی۔ کبھی یہ اپنی کتابیں کو کرائے کے مکان میں اور کبھی کسی کے مکان میں منتقل نہ کرتی پھرتی۔ اس کی اپنی ایک جائے پناہ ہوتی، بلڈنگ ہوتی اس میں ریسرچ کا کام ہورہا ہوتا۔

غلطی کی تھی ان لوگوں نے جنہوں نے یہ ادارہ بنایا۔ خوش فہمی میں تھے وہ لوگ جنہوں نے اس ادارے کی بنیاد رکھی۔ کیا ضرورت تھی ایسی قوم کی خدمت کی جسے اس کا احساس نہ ہو۔ مجھے اپنی غلطی کا احساس اُس وقت ہوا جب میں نے اس ادارے کی چیئرمینی قبول کی اور میں نے بلوچ سیاسی راہنماؤں اور نام نہاد قوم پرست سیاسی پارٹیوں کے لیڈروں کو خط لکھے اور اکیڈمی کی مدد کی درخواست کی۔ قوم پرست لیڈر جو اُس وقت حکومت میں تھے اور حکومتی مراعات سے لطف اندوز ہورہے تھے انھوں نے ہماری درخواست لینے سے بھی گریز کیا۔

اس ادارہ کو اس قوم کے رہنماؤں کی جانب سے حکومت بلوچستان کی جانب سے کیا ملتا ہے؟ صرف ایک لاکھ روپے سالانہ۔ اس رقم سے کیا کیا جا سکتا ہے؟ اس سے ایک ادارہ کی فلاح ہو سکتی ہے؟ زبان وادب کی خدمت کی جا سکتی ہے؟ یہ میں آپ پر چھوڑتا ہوں۔

حکومت کا، عوام کا پیسہ کس طرح لٹایا جاتا ہے۔ ہر شخص کو علم ہے مگر عوام کے پیسے کو خود عوام کی زبان وادب اور اس کے تاریخی اور ثقافتی ورثے کو محفوظ کرنے کیلئے کچھ دینا، خرچ کرنا معیوب ہے۔ آج میں اس پلیٹ فارم سے بلوچستان کے وزیر اعلیٰ کی موجودگی میں یہ کہنے کی جسارت کرتا ہوں کہ اگر بلوچی زبان

ادب کی خدمت کیلئے ان کے پاس سالانہ صرف ایک لاکھ روپیہ ہے اور اگر عوام کی اس حکومت کے پاس اس ادب کی خدمت کرنے کو کچھ نہیں تو میں ایک لاکھ روپے کی یہ سالانہ خیرات لینے سے انکار کرتا ہوں اور اسے حکومت بلوچستان کو واپس کرنے کا اعلان کرتا ہوں۔

میں بلوچی اکیڈمی کے ممبران کی جانب سے، بلوچ دانشوروں، ادیبوں اور شاعروں کی طرف سے مہذب سردار اختر مینگل سے گذارش کروں گا کہ وہ بلوچی اکیڈمی کی سالانہ گرانٹ جو ایک لاکھ روپے ہے اور جس کو میں لینے سے انکار کر چکا ہوں، اسے بڑھا کر کم از کم دس لاکھ روپے کیا جائے۔ اس کے علاوہ اکیڈمی کیلئے ایک سرکاری زمین جس کی نشاندہی بلوچی اکیڈمی کے وفد نے آپ سے ملاقات کے وقت کی تھی بلوچی اکیڈمی کو الاٹ کی جائے۔

میں یہ نہیں کہوں گا کہ اس معمولی گرانٹ سے یا اس قطعہ اراضی کی الاٹمنٹ سے آپ کی اور آپکی حکومت کی ذمہ داری ختم ہو جائے گی۔ بلکہ یہ صرف ابتداء ہے آپ کی ذمہ داریوں کی، کیونکہ بلوچی زبان وادب اور اس کے سرمایہ کو محفوظ کرنے کیلئے مزید بہت کچھ کرنا پڑے گا۔

O

ضمیمہ (ی)

وزیر اعلیٰ بلوچستان سردار اختر جان مینگل کا خطاب

بلوچی اکیڈمی کے چیئرمین نے بجا طور پر کہا ہے کہ ہم بلوچی شاعری میں شاید کوئی عطا شاد پیدا نہ کر سکیں۔ لیکن کم از کم عطا شاد کے اہل خانہ کی امداد تو کر سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں، میں عطا شاد کے بچوں کیلئے 5 لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کرتا ہوں۔ اس کے علاوہ عطا شاد کی بچی، رشنا عطا کو حکومت بلوچستان کے سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ میں گریڈ 16 کی ایک سرکاری اسامی پر تعینات کرنے کا اعلان بھی کرتا ہوں۔ میں یہ احکامات بھی جاری کر رہا ہوں کہ، رشنا عطا کی تقرری اور ان کو ایک سرکاری مکان الاٹ ہونے تک عطا شاد کے اہل خانہ موجود سرکاری مکان میں رہ سکتے ہیں۔

جب ہم پاکستان کے قومی لسانی اور ادبی ورثے کی بات کرتے ہیں تو درحقیقت ہم پنجاب، سندھ، سرحد، کشمیر اور بلوچستان کے ادب و ثقافت کی بات کرتے ہیں۔ بہ الفاظ دیگر ہم پنجابی اور سرائیکی زبان و ادب، پشتو زبان و ادب، سندھی زبان و ادب کشمیری زبان و ادب، بلوچی اور براہوئی زبان کی بات کرتے ہیں۔ ہم سب جانتے اور تسلیم کرتے ہیں کہ اردو صوبوں کے درمیان اور ہر صوبے کے اندر رابطے کی زبان اور دیگر زبانوں کے ساتھ بعض مراحل میں تعلیمی زبان بھی ہے۔ لیکن اردو کے قومی زبان ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ پنجابی، سرائیکی، سندھی، پشتو، براہوئی اور بلوچی قومی زبانیں نہیں ہیں۔ ہم اردو کے ساتھ ساتھ ان تمام زبانوں کو پاکستان کی قومی زبانیں تسلیم کرتے ہیں اور ان کے ادبی ورثے کو پاکستان کا مشترکہ ادبی ورثہ جانتے ہیں اس لئے مطالبہ کرتے آئے ہیں کہ پاکستان کی تمام قومی زبانوں کو یکساں اور برابر سمجھا جائے۔ ہمارے ایک ہمسایہ ملک اور دنیا کے کئی کثیر اللسان ممالک نے اس حقیقت کو تسلیم کر کے ملکی اتحاد کو نقصان نہیں، فائدہ پہنچایا ہے۔ اتحاد کی بنیاد جذبات اور نعروں پر نہیں۔ حقائق کو تسلیم کرنے پر ہونی چاہیے۔ صرف اور صرف ان حقائق کو تسلیم کرنے کے بعد ہر صوبے سے ایسے ادیب اور شاعر ابھر سکتے ہیں جو بلوچی یا پشتو یا سندھی یا براہوئی یا پنجابی اور سرائیکی کے ساتھ ساتھ اردو زبان کو بھی اپنے فن کے اظہار کا ذریعہ بنائیں گے۔ اس کی بہترین مثال عطا شاد ہیں۔ جنکی اردو شاعری پر اردو ادب بجا طور پر فخر کر سکتا ہے۔

بلوچستان نیشنل پارٹی اور اس کی صوبائی حکومت اردو، سرائیکی، سندھی، پشتو، براہوئی اور بلوچی کو پاکستان کی قومی زبانیں تسلیم کرتی ہے اور ان زبانوں اور دیگر زبانوں اور ان کے ادب کی ترویج کرنے والے اداروں کو عزت و احترام کی نظر سے دیکھتی ہے ظاہر بات ہے کہ صوبے کے محدود وسائل کے پیش نظر اور تقسیم کار کے اصول کے مطابق ہم زیادہ توجہ ان زبانوں پر دینگے جن کا اس صوبے سے براہ راست تعلق ہے۔

بلوچی اکیڈمی کے چیئرمین نے بلوچ قوم پرست پارٹیوں پر تنقید کرتے ہوئے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا ہے کہ ان پارٹیوں نے بلوچی زبان اور ادب کی ترقی و ترویج کی راہ میں بلوچی اکیڈمی کی حمایت نہیں کی ہے۔ میں یہاں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جب ہم اپوزیشن میں تھے تب بھی ہم نے اپنی بساط کے مطابق بلوچی اکیڈمی کی مدد کی اور اب بھی ہم بلوچی زبان وادب کی خدمت کو اولیت دیتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ بلوچی زبان اور ادبی ورثے کے تحفظ اور ترویج کی راہ میں بلوچی اکیڈمی پر اہم ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ اور مجھے امید ہے کہ بلوچی اکیڈمی ان ذمہ داریوں کو پورا کرنے کی کوشش کریگی۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ بلوچستان کی حکومت اس سلسلے میں ہر ممکنہ مدد دینے کیلئے تیار ہے۔ میں یہ بھی آپ کو بتادوں کہ بلوچستان کی حکومت ہر میدان میں خاص طور پر تعلیمی میدان میں خرابیوں کو دور کرنے اور حالات کو بہتر بنانے کی کوشش کررہی ہے۔ اس طرح بلوچی اکیڈمی جیسے اداروں کی مزید ترقی، تعلیمی اداروں کی مزید ترقی کے پروگراموں سے وابستہ ہے۔

میں اس بات کو مانتا ہوں کہ حکومت بلوچستان کی طرف سے بلوچی اکیڈمی کو سالانہ ایک لاکھ روپے کی امداد کوئی نہیں ہے اس لئے میں اس موقع پر بلوچستان کی حکومت کی طرف سے بلوچی اکیڈمی کو دس لاکھ روپے کی سالانہ گرانٹ اور بلوچی اکیڈمی کی مستقل عمارت کی تعمیر کیلئے ایک قطعہ اراضی جو آرٹس کونسل سے منسلک ہے بلوچی اکیڈمی کو دینے کا اعلان کرتا ہوں۔

بلوچی اکیڈمی کی گزشتہ کارکردگی یقیناً قابل تعریف ہے لیکن بلوچی اکیڈمی کی موجودہ انتظامیہ سے بلوچ دانشور، اہل قلم اور دنیا کے اعلیٰ تعلیمی اور تحقیقاتی اداروں کی بڑی امیدیں وابستہ ہیں میری گذارش ہے کہ ماضی کی کوتاہیوں کو دور کرنے اور اکیڈمی کو مزید فعال بنانے کی کوشش کی جائے۔ میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ بلوچی اکیڈمی رسم الخط اور معیاری ادبی زبان کے مسئلے پر اور بلوچی کلاسیکل اور نیو کلاسیکل شاعری کی جمع آوری اور ایڈٹ اور تدوین نو کے کاموں پر اب پہلے سے زیادہ توجہ دے۔ اس سلسلے میں بلوچی اکیڈمی کی کاوشوں کو حکومت بلوچستان کی پوری حمایت حاصل ہوگی۔

ضمیمہ (ک)

اکیڈمی کے کمپلیکس کی رسم افتتاح

چیئرمین کا خطاب

اکیڈمی کے ریسرچ کمپلیکس کے رسم افتتاح کے موقع پر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان سردار اختر جان مینگل نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی تھی۔ اکیڈمی کے چیئرمین جان محمد دشتی کی تقریر کے اقتباسات۔

زبان اور ادب چونکہ زندہ قوموں سے وابستہ ہیں، اس لئے جب تک قوم کے افراد انفرادی یا اجتماعی یا سیاسی و سماجی حیثیت میں زندہ ہیں۔ زبان کی شیرینی، اس زبان کی دائمی مٹھاس کے ساتھ زندہ رہیگی۔ 21 ویں صدی میں جہاں بہت سے دوسرے عقائد، روایات، سیاسی اور معاشرتی فلسفے زوال پذیر ہیں یا انکی جگہ نئی صدی کی ضروریات کے تحت دوسری اقدار جنم لے رہی ہیں، صرف زبان کا ایک رشتہ ہے جو اقوام اور انکی معاشرتی زیست کے ساتھ زندہ وقائم رہ سکے گا۔

زبانیں نفرت نہیں محبتوں اور اخوتوں کو جنم دیتی ہیں، رقابت نہیں نزدیکیاں پروان چڑھاتی ہیں۔ قبائل کے درمیان، اقوام کے درمیان، طبقوں کے درمیان، معاشروں اور تہذیبوں کے درمیان۔ اس لئے زبان و ادب کی کوئی علیحدہ قوم نہیں ہوتی، کوئی علیحدہ و نسل نہیں ہوتی۔ یہ سب کی مشترکہ میراث ہوتی ہے۔ بلوچی زبان و ادب، بلوچستان کے تمام لوگوں کی مشترکہ میراث ہے سب کی مشترکہ مڑی (ورثہ) ہے۔ یہاں کی دوسری زبانیں اور ادب بھی ہم سب کے مشترکہ ورثے ہیں۔ کیونکہ تاریخی اور جغرافیائی اعتبار سے بھی ان سب زبانوں کے لسانی سرچشمے ایک ہیں، وہ ایک دوسرے سے وابستہ ہیں، ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔

بلوچی اکیڈمی کی یہ عمارت، لائبریری اور ریسرچ کمپلیکس سب کیلئے، سب زبانوں کیلئے، انکے ادیبوں، شاعروں، اور دانشوروں کی ادبی سرگرمیوں کیلئے ہمیشہ کھلے رہیں گے۔ یہ عمارت اس حقیقت کی بھی نشاندہی کرتی رہیگی کہ زبان و ادب ہی وہ رشتہ ہے جو قوموں کو، انکی معاشرتی ضرورتوں کو اور انکی روایات کو آپس میں جوڑتا

ضرورت ہے، بگاڑنا، مٹانا نہیں۔

بلوچی اکیڈمی پاکستان کے حدود میں تمام اقوام کی اپنی زبان اور روایات کو برقرار رکھنے کی پر خلوص جدوجہد کی حامی ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ پاکستان کی تمام قوموں کو اپنی اپنی سرزمین میں، اپنی اپنی جغرافیائی حدود میں عزت و وقار کے ساتھ رہنے، اپنی زبان، ثقافت اور تشخص کو برقرار رکھنے کا پورا پورا حق حاصل ہے۔

ہماری اکیڈمی بنیادی انسانی حقوق پر سیاسی، لسانی قبائلی یا مذہبی فرقہ پرستی کے حوالے سے لگائی گئی کسی بھی قدغن کو انتہائی تشویش کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ اور ایسے اقدام کی برملا حمایت کرتی ہے جو انسان کی فکری نشو ونما، انکے خیالات کے آزادانہ اظہار، اور ابلاغ کے ضامن ہوں۔ اس لئے یہاں کے ادیب اور دانشور بلوچستان میں آزادی فکر و عمل کی مسلمہ جمہوری اقدار کی بقاء کیلئے ہر کوشش کو قدر و عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ بلوچی اکیڈمی پاکستان میں بولی جانے والی سب زبانوں کو پاکستان کی قومی زبانیں تصور کرتی ہے اور سب کو مساوی درجہ دیتی ہے۔ کسی کو مقتدر یا اقتدار کی حامل زبان نہیں سمجھتی نہ ہی ان کو ثانوی اور علاقائی زبانیں سمجھتی ہے بلکہ سب کو قومی زبانیں تصور کرتی ہے۔

آج سے تقریباً25 ماہ قبل اس عمارت سے متصل، بلوچستان آرٹس کونسل کے ہال میں بلوچی اکیڈمی کے ایک دیوان میں جناب اختر مینگل جو اُس وقت بلوچستان کے وزیر اعلیٰ تھے، ہمارے مہمان تھے۔ اس وقت، میں نے اکیڈمی کے ممبران کی طرف سے انہیں بلوچی اکیڈمی کیلئے ایک قطعہ اراضی کی درخواست کی تھی اور اکیڈمی کی سالانہ Grant-in-Aid یا حکومتی امداد میں اضافے کی بھی استدعا کی تھی۔ میں نے نہ کوئی تعریفی جملے کہے اور نہ وہ تقریب اتنی پر کشش یا پر شکوہ تھی کہ جناب اختر مینگل اس سے متاثر ہوکر ہماری درخواست قبول کرتے۔ انہوں نے ہمیں یہ زمین اور بلڈنگ عطا کی اور اکیڈمی کی سالانہ گرانٹ کو دس گنا بڑھایا۔ انھوں نے جو کچھ کیا یہ انکے تاریخی شعور کا مرہون منت تھا۔ یہ اس سرزمین سے یہاں کے لوگوں سے، یہاں کی روایات اور اقدار سے، انکی ذہنی اور فکری وابستگی کا غماز تھا۔ جناب اختر مینگل نے آج اس تقریب کی افتتاحی رسم انجام دی ہے۔ اس موقع پر اظہار تشکر کیلئے، ممنونیت اور احسان مندی کیلئے، بلوچی زبان و ادب سے متعلق ادباء، شعراء، اور اہل دانش کی نمائندگی کرتے ہوئے مجھے بے شمار ایسے الفاظ ڈھونڈنے چاہئیں جن سے جناب اختر مینگل کی اس قومی خدمت کیلئے انکی تعریف کے پہلو نکلتے ہوں۔ لیکن اس موقع پر شیکسپیر کے مشہور اور لافانی ڈرامے، King Lear کے

کردار یاد آرہے ہیں۔

اس ڈرامے میں بادشاہ اپنے بچوں سے یہ کہتا ہے کہ انکے دل میں بادشاہ کیلئے جو محبت، خلوص اور عقیدت ہے اسے انکے سامنے لفظوں میں بیان کریں۔

ڈرامہ کا پہلا کردار بادشاہ کے سامنے اپنے خلوص اور ممنونیت کا اس طرح اظہار کرتا ہے کہ بادشاہ اسے اپنی زندگی اور وجاہت سے زیادہ عزیز ہیں۔ دوسرا کردار بڑے خوبصورت پیرائے میں بادشاہ کو یقین دلاتا ہے کہ وہ اسے اپنی زندگی کی ساری آسائشوں اور محبتوں سے عزیز تر ہیں۔ تیسرا، جسے بادشاہ سے حقیقی معنوں میں سب سے زیادہ عقیدت ہے یہ سوچتا ہے کہ کیا لفظوں کا سہارا احترام کیلئے ضروری ہے، وہ سوچتا ہے کہ کیا ضرورت ہے اس محبت کے اظہار کی جو میرے دل میں بادشاہ کیلئے موجزن ہے۔ اس لئے وہ دل ہی دل میں یہ کہتا ہے کہ Love and be Silent جب وہ بادشاہ کے سامنے جاتا ہے تو اس کی زبان سے کوئی لفظ ادا نہیں ہو پاتا۔ لیکن اس کی آنکھوں کی روشنی سے اور اس کے وجود سے ایک پروقار عقیدت مندی اور احترام کی کیفیت عیاں ہوتی ہے۔ اس کی خاموشی ان تمام الفاظ سے زیادہ خوبصورت ہوتی ہے، جو بادشاہ کی تعریف میں اس سے پہلے ادا کئے گئے ہوتے ہیں۔

آج بلوچ دانشور اور زبان و ادب سے متعلق لوگ الفاظ کے بجائے صرف کچھ نہ بول کر، خاموش رہ کر، جناب اختر مینگل سے عقیدت اور ممنونیت کا اظہار کر سکتے ہیں۔
اور نہ صرف وہ بلکہ یہ عمارت بھی اگلی لاتعداد دہائیوں تک اپنی پروقار خاموشی کے ساتھ ان سے اظہار عقیدت مندی کرتی رہیگی۔

بلوچی لوک شاعری یا لوک داستانوں میں شہداد و مہناز دو لازوال کیریکٹر ہیں۔ مہناز جب اپنے گھر میں عدم تحفظ کا شکار ہوتی ہے تو ایک پیغام بھیجتی ہے جو نظم میں ہے اور جسکی شیرینی اور گہرائی کی شاید ہی کوئی نظیر ملے اور جو مہناز کی پر اعتمادی کا مظہر بھی ہے۔ وہ اس طرح ہے۔

من رواں چار راہی سرءَ نندان
بلکن وتی ملکی مردے گندان

اِچ وتی دستونک ءِ جزے سنداں
اِچ وتی گوش ءِ گنلاں ٹالے
اِچ وتی شار ءِ دامن ءِ راڑے
اِچ وتی پادین ءِ پدی کالکے
راہ گنزاری ءِ پلّو ءِ بنداں
پہ منی آرتیں پت و براتاں
(کہ) شہداد منی ننگانی بلاہ زریں

غم واندوہ کے ان کرب ناک مرحلوں میں مہناز کا سراس لئے فخر سے بلند ہے کہ جب اس کا یہ پیغام اُس کے عزیزوں کو پہنچے گا تو وہ نہ صرف اسکی خبر گیری کریں گے بلکہ اس بے عزتی اور عدم تحفظ کی تلافی بھی کریں گے۔ اسے یقین ہے کہ اس کی آہ وفغاں جب اُن کے کانوں تک پہنچے گی تو اس کی عزت کے محافظ اس تک پہنچ جائیں گے۔

آج بلوچی زبان وادب اس طرح کا ایک کرب واندوہ کا احساس لئے، عدم تحفظ کا احساس لئے، اپنی عزت کے محافظوں سے، اپنے فرزندوں سے، اپنے بڑے بوڑھوں سے، اپنی بقا وسلامتی کی بھیک مانگ رہا ہے۔ ایسے ہی دوراہے پر جہاں بلوچی لوک داستان کا کردار کھڑا تھا اور جس طرح اسے تحفظ کی ضرورت تھی اسی طرح آج بلوچی زبان وادب کو اپنے مٹنے کے اندیشہ سے تحفظ کی ضرورت ہے۔ لیکن یہاں بات کچھ یوں بھی ہے کہ بلوچی زبان کسی کا احسان ماننے کیلئے تیار نہیں۔ کیونکہ وہ ہم سب کو اتنا کچھ دے چکی ہے کہ اسکے بدلے اسے کچھ دینا احسان نہیں بلکہ احسان مندی ہی ہے۔ ہم سب، ہمارے لیڈر، ہمارے عمائدین اپنے آپ کو اس عظیم سرزمین، اسکی روایات، اسکی فکر اور اسکے وجود کے امین یا محافظ کہتے ہیں۔ اگر ہم سب کی کوئی حیثیت ہے تو صرف اسی حوالے سے ہے ورنہ یہاں کسی کی کوئی حیثیت نہیں۔ بلوچستان کے بغیر کس کے بل بوتے پر، کس کے نام سے ہم سب اپنے آپ کو شناخت کرائیں گے۔ کیونکہ یہاں اگر کسی کی حیثیت یا شناخت ہے تو وہ بلوچ اور بلوچستان کی ہے۔ اسکی اجتماعی فکر کی ہے، اسکی عظمت کی ہے، اسکی تاریخ اور روایات کی ہے۔

غالب نے شاہ کے مصاحبوں کیلئے جن میں وہ اپنے آپ کو بھی شمار کرتا تھا، جو کہا تھا وہ آج بلوچستان کے مصاحبوں کیلئے بھی حسب حال ہے:

ہوا ہے شہ کا مصاحب پھرے ہے اتراتا
وگرنہ شہر میں غالب کی آبرو کیا ہے

آج اگر بلوچی اور بلوچستان پیغام بھجوائے اپنی بے بسی کا، اپنے عدم تحفظ کا، کیا حال ہوگا ہم میں سے ان کا جو بلوچ اور بلوچستان کے نام پر پلے بڑھے ہیں، بڑے نامور ٹھہرے ہیں، بڑی حیثیت حاصل کر چکے ہیں۔ آج یہ باتیں شاید دیوانگی کی سی لگیں۔ لیکن آج اس تقریب کے انہی لمحوں کو گواہ ٹھہراتے ہوئے میں یہ انتباہ کرنا چاہتا ہوں کہ بُرا ہوگا وہ وقت جب بلوچستان کے والی وارث ہم میں سے ان تمام لوگوں کا محاسبہ کریں گے، گریبان پکڑینگے ان کا جنھوں نے بلوچی کی آواز پر اس کے تحفظ اور اسکی پروقار عزت کی حفاظت میں کوتاہی کی۔ ایسے لوگ اگر تاریخ میں جگہ پائیں گے تو غاصبوں اور احسان فراموشوں کی حیثیت سے، بلوچی زبان یا بلوچستان کے خیر خواہوں اور محافظوں کی صورت میں ہرگز نہیں۔ لیکن

آگہی دامِ شنیدن جس قدر چاہے بچھائے
مدعا عنقا ہے اپنے عالمِ تقریر کا

O

جناب سردار اختر مینگل کا خطاب

بلوچی اکیڈمی کی یہ عمارت مختصر عرصے میں تیار ہوگئی، اس پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے میں یہ امید کرونگا کہ یہ عمارت بلوچستان سے تعلق رکھنے والی تمام زبانوں کے ادیبوں، شاعروں اور یہاں پر بسنے والے ان مظلوم اقوام کی اس درد اور کرب کی آواز کو ہمیشہ اپنے افکار سے، اپنے قلم کی سیاہی سے آبیاری کرے گی، اس کو جلا بخشے گی۔ بلوچستان کے مظلوم عوام یہ امید لگائے بیٹھے ہیں کہ آپ اپنے علم و دانش کو حکمرانوں کی خوشنودی حاصل کرنے کی بجائے یہاں کے لوگوں کی خدمت کیلئے وقف کریں گے اور اس سرزمین کی، یہاں کے لوگوں کی مظلومیت اور محکومیت کے احساس کو چھپانے کی بجائے اپنے قلم سے اسے آشکار کرنے کی کوشش کریں گے۔

یہ عمارت جو چند مہینوں میں بنائی گئی ہے واقعی خوبصورت ہے لیکن صرف خوبصورت عمارت بننے سے، خوبصورت سڑکیں بنانے سے، خوبصورت محل بنانے سے نہ قوموں کی ثقافت زندہ رہ سکتی ہے اور نہ ہی قومیں زندہ رہ سکتی ہیں۔ جب تک کہ ان اقوام سے تعلق رکھنے والے اس ثقافت سے متعلق اہل دانش، اہل قلم اپنی فکری توانائی اس قوم کی ثقافتی بقاء کیلئے وقف نہ کریں۔

ہمارا ادب، ہماری زبان، ہماری ثقافت، ہماری تاریخ کی خدمت میں مصروف ادبی ادارے کیوں بنجاروں کی طرح کبھی ایک گلی میں، کبھی دوسری سڑک پر، کبھی ایک محلے میں اور کبھی دوسرے محلے میں پھرتے رہتے رہے۔ اس میں شاید کچھ قصور ہمارا بھی ہو لیکن سب سے زیادہ ان قوتوں کا ہے جنھوں نے یہ حالات پیدا کیے۔ سب سے زیادہ قصور ان حکمرانوں کا ہے جن کا تعلق نہ اس زبان سے رہا ہے نہ یہاں کی ثقافت سے رہا ہے، نہ اس علاقے سے اور نہ ہی یہاں کے عوام کے نفع نقصان میں اپنے آپ کو شریک یا حصہ دار سمجھا ہے، یہاں پر حکمرانی کرنے والے، وہ لوگ ہیں جنکا ادب ہم سے مختلف رہا ہے، جنکی ثقافت ہم سے مختلف رہی ہے اور جنکی تاریخ ہم سے مختلف رہی ہے۔

اکیڈمی کے چیئرمین جناب جان محمد دشتی نے جن احساسات کا میرے لیے اظہار کیا، میرے خیال میں،

میں اپنے آپکو اس لائق نہیں سمجھتا۔ جو کچھ میں نے اپنے دورِ حکومت میں کیا۔ بلوچی، پشتو اور براہوئی زبان اور ان کی اکیڈمیز کیلئے، کاش میں اس سے زیادہ بھی کرسکتا۔ لیکن میں کس کو دوش دوں۔ حالات کو، وقت کو یا اس دور کو دوش دوں کہ جس نے ہمیں اپنے شکنجے میں لیا ہوا تھا۔ لیکن ان قباحتوں کے باوجود جو کچھ کرسکتا تھا، میں نے اس اکیڈمی کیلئے یا دوسری اکیڈمیوں کیلئے کیا۔

لیکن میں نے کسی پر احسان نہیں کیا بلکہ اس مٹی پر جو میرا وزن ہے، میرے خیال میں اس کے مقابلے میں، میں نے ایک ماشے یا ایک تولے کا بھی کام نہیں کیا۔ اگر کسی کو کچھ نظر آتا ہے تو میں یہ سمجھوں گا کہ میں نے صرف اپنا فرض پورا کیا ہے۔

میں آپکو صاف الفاظ میں کہنا چاہتا ہوں کہ ہم میں سے بعض لوگ آج اپنے ادب، اپنی ثقافت اور اپنی زبان کو اپنا کہتے ہوئے بھی شرم محسوس کرتے ہیں۔ ایک زمانہ تھا۔ جب بلوچستان سے باہر کسی شہر میں ہم لوگ جاتے تھے۔ اپنی بلوچی پگڑی لگا کر یا پشتونی لباس میں ہم فخر سے کہتے تھے کہ ہم بلوچ یا ہم پشتون ہیں، آج اگر کوئی ہم سے پوچھتا ہے۔ تو شاید ہم آہستہ آہستہ اس کے کان میں کہتے ہیں کہ ہم بلوچ ہیں۔ اسکی وجہ بھی شاید تاریخ کا جبر ہے، اسکی وجہ حالات کی ستم ظریفی ہے۔

اگر ہم نے آج بھی اپنی زبان کو ترقی دینے کی کوشش نہ کی تو آئندہ آنے والے موٹرویز پر صرف شاہراہ بلوچی یا بلوچ لکھا ہوگا۔ یا شاہراہ پشتون لکھا ہوگا۔ جبکہ اس وقت ہم اپنی ہستی، اپنی حیثیت کھو چکے ہونگے۔

قوموں کی ترقی ظاہر ہے کہ انکی معاشی وسیاسی آزادیوں کیلئے ضروری ہے لیکن ہمیں اسکے لیے اپنی زبان، اپنی ثقافت اور اپنے ادب کو سب سے پہلے ترقی دینی ہوگی۔

ہم سیاسی لوگ مختلف نجی محفلوں میں یا سیاسی جلسوں میں بیٹھ کر جبکہ اہل دانش و اہل قلم اپنے تحریروں میں اس مٹی کی قسم کھاتے ہوئے نہیں تھکتے۔ یہاں ہم یہ دیکھیں کہ ہم نے اس مٹی کیلئے کیا کیا ہے؟ کیا حق ادا کیا ہے اس کا؟ ہم سب اپنے ضمیر کو جھنجھوڑ کر دیکھیں کہ ہم نے اس مٹی کو کیا دیا ہے؟ میں کہتا ہوں کہ ہم نے غلاظت کے ڈھیر کے علاوہ کچھ نہیں دیا۔ ہم نے گندگیوں کے ڈھیر جمع کیے ہیں۔ سیاسی و معاشرتی گندگیاں، جن کی بدبو سے ہماری

نئی والی نسل بھی غیر محفوظ ہیں۔ سب سے بڑا مجرم شاید مجبور ہے۔ اگر اس میں کچھ طاقت ہوتی تو خدا جانتا ہے کہ یہ خطے میں یہاں تک کہ ہمارے مردے اپنے بچے سے اٹھ کر باہر نکلیں۔ چاہے ہم اقتدار میں رہے ہوں یا حزب اختلاف میں، وہ کونسا طبقہ ہے جو یہ کہے کہ ہم نے اس سرزمین کیلئے اس قوم کیلئے کچھ کیا ہے۔ ایک بیوپاری سے لے کر ایک جاگیردار تک کو دیکھیں ایک مزدور سے لے کر ایک سرمایہ دار تک کو دیکھیں۔ ایک ویگن ڈرائیور سے لے کر ایک سرجن تک کو دیکھیں۔ ایک سیشن جج سے لے کر کسی کالج کے پرنسپل تک کو دیکھیں۔ ہم نے اس ملک کیلئے کیا کیا ہے؟ ہم نے سوائے اسکو مصیبتوں میں جکڑنے کے اور اسکو کچھ نہیں دیا ہے۔ ہم نے خود اپنے وطن پر کلہاڑی ماری ہے۔ ہم نے اپنے آپکو خود پامال کیا ہے۔ پچھلے 50 سال میں ہماری اس دھرتی کی جو بے حرمتی ہوئی ہے اس پر صرف ہم نے آنکھیں بند کی ہیں، بلکہ مسرور ہوکر ہم نے اشارہ کرتے ہوئے دکھایا ہے کہ دیکھو ہماری ماں دھرتی کی بے حرمتی کس طرح کی گئی ہے۔ ہم نے آنسو بہانے کے بجائے تالیاں بجائی ہیں۔ اس بے حرمتی پر ہم نے افسوس کرنے کے بجائے ان حکمرانوں کے گیت گائے ہیں۔ اس گناہ میں ہم تمام کے تمام شریک ہیں۔ اس میں سیاست دان بھی شریک ہیں، اس میں ہمارے دانشوروں کے قلم کی سیاہی بھی شریک ہے جو حقیقت لکھتے ہوئے اس وقت رک جاتی ہے جب ان کے مفادات کو خطرہ ہوتا ہے۔ ہمارے وہ اساتذہ بھی شریک ہیں جنہوں نے آج ہمیں وہ جاہل نسل پیدا کرکے دی ہے۔ اس میں وہ ڈاکٹر بھی شامل ہیں جنہوں نے ہمیں سوائے امراض کے اور کچھ نہیں دیا ہے۔ ہم سب اسکے ذمہ دار ہیں۔

O

ضمیمہ (م)

سابق چیئرمین جان محمد دشتی کا جنرل باڈی سے الوداعی خطاب

عزت مندیں باسکاں!

مروچی کہ من اکیڈمی ءِ چیئرمینی ءِ عہدہ ءَ یله دیگا آں، من چاراں که گوستگیں 6 سالانی مدت ءِ بلوچی اکیڈمی ءِ وراجیں ہند ءِ جنگ ءُ اوتی دورین ءِ بے پرشانیں منزل ءِ بازیں تنزگے گوازینتگ ۔ اے مدت ءَ اکیڈمی ءِ وراجیں باسکاں، اکیڈمی ءِ راہ ءَ ہر راستے ءِ ہم گامیں ءِ جنداں من ءَ ہچ بر تہنا نہ کتگ، ہر وہد ءُ ساعت ءَ من ءِ دل بڈی داتگ ءُ منی راہشونی کتگ۔ اوچا م ہم اوار ءِ خاترا آ ءِ باسکانی پوشیں ہمدلی ءُ ہمسنگی ہماوار ءِ مستریں منتی ءِ زانگ بیت۔

40 سال ساری اکیڈمی ءِ جوڑ کنگ ءِ وہداں، ایشی ءِ جوڑ کنوکاں، بے براہداری ءُ نیرانیں فکر پیاز تگ ات که اے آئندہ ءَ پہ بلوچی زبان ءُ ادب ءِ دیمروئی ءُ پہ بلوچ ءُ بلوچستان ءِ دل پھکیں خدمتے ءِ بن بشتے ءِ بیت۔ منی دل ءِ وت ءِ بے فکر ءِ نشون، گوستگیں صدی ءِ بلوچی زبان ءُ ادب ءِ تاریخ ءَ یک مہتگیں بلاہیں کارے که صدا توصیف کرزیت۔ اکیڈمی ءِ بنداتی روچاں یا چہ ساری ہمگر تاں روچ مروچی ہر بلوچے ءِ دل ءَ که پہ بلوچی ءِ تشتگ ءُ آئی ءِ خدمت ءِ کتگ، آ دراہ ءِ بلوچی زبان ءُ ادب ءِ باعزتیں جاہے ءِ حقدار انت ءُ بلوچی ءِ مستیں وارث انت۔

شرف داریں باسکاں!

شما گیرانت که 1995 ءَ اکیڈمی ءِ پاگواجی قبول کنگ ءِ وہداں من بے گوشتگ ات که ادارہانی مرہ "قبضہ گیری" آبانی جمہوری روح ءَ پولنگ کنت، ہمیشہ باید انت که اکیڈمی ءِ اختیار مدامی یکے ءِ پاہتیں مرہانی دست ءَ دیگ مہ بیت۔ مروچی منی اے ذمہ واری ءِ شش سال قبل انت۔ ہما حبر که من شش سال ساری ءَ گوشتگ، مروچی ہم من بے گوشاں که باید انت که اکیڈمی ءِ جمہوری روح زنگیں مہ بیت او منی جندہما "قبضہ گیرانی" سرپ ءَ میا اتک مہ بیت که چہ آبانی عذاب ءَ اکیڈمی ءِ راہ ءِ مرگاں گوری آزادکنگ بوتگ۔ ہمیشہ منی اکیڈمی ءِ چیئرمینی ءِ عہدہ ءِ امیدوار نہ بوتگ ءِ سبب ذاتی نہ انت، فکری انت۔

گوستگیں لہتیں روچاں اکیڈمی ءِ بازیں باسکاں من ءَ گوشتگ که من چیئرمینی ءِ عہدہ ءَ یله مہ دیان۔ آبانی گوشگ اے بوتگ که اے مناں که من اے اکیڈمی ءِ راہ ءَ اے حد ءَ سر کتگ۔ آہاں بے دل تپرکی درشان

ہنگی کہ چہ من ءَ بغیر بلوچی اکیڈمی باریں چون بیت ءُ چون نہ بیت۔ اکیڈمی ءِ براہندگیں باسکانی پہ من چوشیں نیکیں واھگ وتی جاگہا بلے آبانی اے دل تپرکی مئے سیاسی، راجی ءُ ادبی کلچر ءِ سبب ءَ مئے مجرّہ کپتگ۔ اوا ہر کس گوشیت من نباں، ہچ نہ بیت۔ مذہبی گروہ ءُ پارٹیانی کماش تاں لب قبر چہ پارٹیاں گستانہ بنت۔ پیرو قلندرانی پانکپا ءُ مجاور ہم تا حیات ہمے نیکیں وھنداء سرءَ پٹ بنت۔ سیاسی لیڈر لنگ ءُ منڈ بہ بنت، پہماں کور ءُ گوشاں کر بہ بنت، سیاسی پارٹی ءِ سروکی ءُ یلہ دیگ ءِ دل اش نہ سکیت۔ ادبی اداراتانی سروکانی گزاءَ ہما اوارحان ءُ مرگے بوجئینیت۔ چیا کہ ہمے واجہیں سروکانی دل ءَ چہ اہان ءَ بغیر آ ادارہ برباد بنت، گار بنت۔ آبانی دل ءَ ادارہ ہما انت ءُ آ ادارہ انت۔

من گوں وتی سنکتاں اے گوشتگ کہ اکیڈمی ءِ پاگواجہی ءِ عہدہ ءِ قبول کنگ ءِ وھداں، من گوں وتی جند ءِ ہمے قول کتگ ات کہ ہر وھدے کہ اکیڈمی چہ ادبی بدذاتیں زور واجہانی گزاءَ چٹیت اوا کیڈمی یے جوڑ بوت، من ایشی ءَ را ایشی ءِ جندیں وارثانی حوالہ کنان ءُ یک کر باں۔ مروچی اکیڈمی، اکیڈمی یے۔ ایشی ءَ نامے است۔ اے شریں بنیاجے ءِ ولبہ انت۔ اے علمی وادبی حلکہاں شریں حیثیتے داریت۔ اے جمہوری واجتماعی فکرے ءِ وارث انت۔ نون وھد ہمیش انت کہ بایدانت کہ من گوں وت ءَ گوں اکیڈمی ءِ وتی کتگیں قول ءَ بہ سر بناں۔ پیشہ مروچی من پاگواجہی ءِ ہمے ذمہ واری امانت ءَ را اکیڈمی ءِ شرف داریں باسکانی دست ءَ دیگاں آں کہ آ ایشی ءَ راچہ من، الم ءَ، شرتر سپارنت، ساچنت۔

براہندگاں!

کس دل پلوءِ مہ وارت کہ چرائی ءَ لائق تر، زانتکار ءُ داناتر کس نہ انت۔ آ کہ نہ بیت، ہچ نہ بیت۔ چوشیں تران بیماریں دل ودماغے ءِ شون ءُ دینت۔ بچار ات زندگیں روچ ءَ، ہما کہ آہاں وتا را پا اکیڈمی ءُ بے مٹ لیکگ ات، مروچی ہنچو بے نام و بے گواہ انت کہ کس پر آہانی زندگیں مرگ ءَ غمی نہ انت۔ بایدانت کہ کس اے حبر ءَ دل ءَ مبارت کہ آ چہ کس ءَ لائق تر نہ انت۔ اوا کس بے مٹ نہ انت، کس Indispensible نہ انت۔ تاں من، تاں دگرے۔ تاریخ بے منافی قصہاں پُر انت۔ بلے آ ایوک ءَ مس قصہاں بے مٹ انت۔ چوشیں بے مٹیں مردمانی قبرستان ءَ ہم کس سر نہ جنت۔ نا رونگین بلے کہ اے حبر ءَ ہچ باور مہ کن کہ تو چہ دگراں زبرترے۔ ھتراط ءَ گوشت کہ من چہ درستاں داناتراں چیا کہ "من زاناں کہ من ہچ نزاناں"

انسانی معاشرتی ضرورت، انسانی فکر ءِ بنیاد جوڑ بنت۔ بلے گوں وھد ءِ بزیں مڑاں، بازیں فکر، بازیں لیکہ اوآبانی بنیاد یا اساس گار ہم بنت۔ بازبراں ہمے فکر ءِ نشون دیوک ہم نہ مانت، بلے فکری تسلسل بنی آدم ءَ

را یا آئی ءِ فکرءِ گاری ءِ نیانت ۔ پمیشہ بنی آدم است انت ، نہ مریت ۔ وتی چک ءُ نماسگانی شکل ءَ مانیت ۔ وتی زانت ءُ فہم ءِ شکل ءَ پشت کپیت او آئی ءِ فکری نندی جتا جتائیں رنگاں ، شکلاں زندگی ءِ کاروان ءِ ہمراہ بیت ۔ اکیڈمی ءِ فکری تسلسل ، اے جمہوری ، علمی ءُ ادبی ادارہ ءِ پہریزگ انت ، آئی ءِ سپارگ انت ، او پہ بلوچی ، بلوچ ءُ بلوچستان ءِ نیکیں مقصداں دل ءِ پکیں جہد انت ۔ او من ءَ یقین انت کہ جہدانی اے کاروان ءَ چہ ماکسی ءَ راپشت نہ گیجیت ۔

اے ششتیں سالانی مدت ءَ ما پہ اکیڈمی ءَ چے کتگ او چے نہ کتگ ، مئے اے جہدءُ نوں تاریخ ءِ بہرے جوڑ بوتگ انت ۔ منی دل ءَ مئے شریں کارانی لیش نہ بوتگ کہ ما پہ اکیڈمی ءَ براحد اریں مارزی پے اڈ داتگ ، ما 60 ءُ 70 کتاب چھاپ کتگ ، ما اکیڈمی ءَ را ورستیں علمی ءُ ادبی حلقہاں نیکیں نامے داتگ ۔ ماورنا تیں زبان زانت ، شاعرءُ قلم کاران ءَ اکیڈمی ءِ ممبر جوڑ کتگ ، او آوان ءَ بلوچی ءِ خدمت ءِ سکین داتگ ۔ منی دل ءَ مستریں کردا کیڈمی ءَ را چہ اکیڈمی ءِ بدواہاں پچ گرگ او آئی ءَ را چہ ایانی عذاب ءَ رکھینگ بوتگ ۔ ما اکیڈمی ءَ را پہ ذاتی ءُ گروہی مقصداں کارمرز بوھگ ءَ نہ اشتگ ۔ حما کہ بقول عطا شاد وا مئے نہ کرزنت ، پرایاں کوار بندگ ءِ رسم پروشتگ ۔ ما ایشی ءَ را اجتماعی ءُ جمہوری فکرے داتگ ۔ مروچی وتی سنکتانی واھگ ءِ خلاف ءَ اکیڈمی ءِ چیرمنی ءِ عہدہ ءِ امیدوار نہ بوھگ ءِ فیصلہ ہم ہے جمہوری ءُ اجتماعی فکر ءِ پیدا ئیں حقیقت ءِ نشان دنت ۔

چہ ما اے حبرءَ ہر کس زانت کہ اکیڈمی ءَ چہ آئی ءِ بدواہاں رکھینگ ءِ کار آسانیں کارے نہ بوتگ ۔ پریشی ءَ تاں روچ ءِ مروچی من ءُ منی بازیں سنکتاں ، بکیں ، کم دیدءُ کمدانشیں مردمانی تربیش ءُ تہلیں تران اشکتگ انت ۔ ایشاں پہ اکیڈمی ءِ بدواہی ءَ ہر ہمادا تگ ءُ ہر ہما کارکتگ کہ ہچ باعزتیں بلوچے ءَ جلو ونہ دینت ۔

منی گوشگ ہمش بوتگ ءُ من انگت ہے گوشاں کہ ذاتی بغض ءُ کینگ ءُ دوستی ءُ نادوستی باید نہ انت کہ سرءَ پہ اکیڈمی ءِ جہل جنگ یا آئی ءِ دیمرئی جہدانی دیمئے دارگ ءَ بہ کشیت ۔ منی گوں بلوچی زبان و ادب ءِ زانتکار ، دانشورءُ قلم کاراں دست بندی انت کہ پہ بلوچ ، بلوچی ءُ بلوچستان ءِ خاطرا گوں اکیڈمی ءَ ہم کوپگ بہ بنت ۔

من ءَ امیت انت کہ آ وکیں وحد و پاساں بلوچی اکیڈمی ، بلوچی زبان ءُ ادب ءِ مرادانی منزلاں سر بوھگ ءِ خاطرا وتی پر مزاحیں گاماں تیز تر کنت ۔ من ءَ امید انت کہ بلوچستان او آئی ءِ تنگو ئیں پچ دیمرئی ، آزادی ءُ وت واکی ءِ باعزتیں آئندگ ءِ منزلاں زوت سر بنت ۔

بلوچی مدام زندگ بات

بلوچستان سبزءُ آزاد بات

ضمیمہ (ن)

آئین

فہرست

1۔	پیش لفظ	137
2۔	ابتداء	138
3۔	مقاصد	139
4۔	اکیڈمی	140
5۔	رکنیت	141
6۔	اعزازی رکنیت	142
7۔	رکنیت کی تنسیخ	144
8۔	عدم اعتماد	147
9۔	دیوان (مجلس عمومی)	149
10۔	انتظامیہ (مجلس منتظمہ)	151
11۔	منصب داران	154
12۔	مالیات	156
13۔	انتخابات	158
14۔	مسودات	161
15۔	ملازم و محقق	161
16۔	ترمیم و تنسیخ	162
17۔	توضیحات	164
18۔	اطلاق	164
19۔	حلف نامہ (ضمیمہ الف)	165

پیش لفظ

بلوچی اکیڈمی کے منشور کا ابتدائی خاکہ اگست 1958ء کے منعقدہ مستونگ اجلاس میں منظرِ عام پر آیا جسے بعد میں بلوچی اکیڈمی کے قیام کے موقع پر چند ترامیم کے ساتھ 1961ء میں شائع کیا گیا اور جس پر 1977ء میں نظرِ ثانی کی گئی۔

7 جولائی 1995ء کے سالانہ اجلاس میں جناب منیر بلوچ کی سربراہی میں جناب اختر ندیم اور جناب عبدالرزاق نادر پر مشتمل ایک دستور کمیٹی بنائی گئی جس نے ترمیمی سفارشات مرتب کیں۔ بعد ازاں مجلس منتظمہ نے 1977ء کے دستور کی دفعہ 58 کے تحت حاصل اختیارات استعمال کرتے ہوئے 9 ستمبر 1995ء کو اتفاق رائے سے دستور کمیٹی کی سفارشات کی منظوری دے دی اور اس طرح یہ دستور 9 ستمبر 1995ء سے بلوچی اکیڈمی کا ترمیمی دستور قرار پایا۔

میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ دستور، علمی، ادبی اور تحقیقی امور کی انجام دہی کیلئے ایک جامع حیثیت کا حامل ہوگا اور اسے اکیڈمی کے مقاصد اور نصب العین کے حصول میں سنگ میل کی حیثیت حاصل رہے گی۔

9 ستمبر 1995ء

اثیر عبدالقادر شاہوانی

جنرل سیکرٹری

باب اول

ابتداء

بلوچی اکیڈمی، بلوچی زبان، ادب، ثقافت، تاریخ اور روایات کے فروغ اور ان کے تحفظ اور بلوچستان کی سماجی و معاشی ترقی، اس کی عظمت اور اس کی بقاء کی جدوجہد میں شریک رہنے کا عہد کرتی ہے۔

بلوچی اکیڈمی، قوموں کے وقار کے ساتھ رہنے، اپنی زبان، ثقافت اور تشخص کو برقرار رکھنے کی صداقت سے عبارت خواہش اور کوششوں کی حمایت کرتی ہے۔

بلوچی اکیڈمی، بلوچی زبان و ادب ثقافت اور تاریخ کو وسط ایشیا اور خصوصاً اس خطے کی تاریخ و ثقافت کا اہم جزو سمجھتی ہے اور پاکستان کی حدود میں تمام اقوام کی اپنی زبان و ادب و روایات کے برقرار رکھنے کی پرخلوص جدوجہد کی حامی ہے۔

بلوچی اکیڈمی، انسانی معاشرے کے ارتقاء میں ادباء، دانشوروں اور فنکاروں کے کردار کی اہمیت پر کامل یقین رکھتی ہے اور بلوچستان میں آزادی فکر و عمل اور جمہوری اقدار کی بقاء و فروغ کیلئے ان کی کاوشوں کو عزت کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔

بلوچی اکیڈمی، توانا، صحت مند اور زندہ ادب کی تخلیق کی قدر کرتی ہے۔ زبان و ادب میں نئے رجحانات اور تجربات کو بلوچی ادب کی مجموعی ترقی سے ہم آہنگ کرنے کیلئے تمام کوششوں کی حمایت کرتی ہے۔

بلوچی اکیڈمی، علم، دانش، سائنس اور ٹیکنالوجی کی ترقی کو اقوام عالم کی ذہنی نشوونما اور ان کی معاشی و مادی خوشحالی اور ایک صحت مند معاشرے کے قیام اور فروغ کیلئے ضروری سمجھتی ہے جس میں ہر فرد کو آزادانہ اور مساویانہ مواقع میسر ہوں اور جہاں انسانی قدروں کی پاسداری اور حق و انصاف کو فروغ حاصل ہو۔

بلوچی اکیڈمی، بنیادی انسانی حقوق پر کسی قسم کی سیاسی، لسانی، قبائلی یا مذہبی فرقہ پرستی کے حوالے سے لگائی گئی کسی بھی قدغن کو انتہائی تشویش کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور ایسے اقدام کی حمایت کرتی ہے جو انسانی فکری نشوونما، اس کے خیالات کے آزادانہ اظہار اور ابلاغ کے ضامن ہوں۔

اثیر عبدالقادر شاہوانی

جنرل سیکرٹری

باب دوئم

مقاصد

1۔ بلوچی زبان وادب، تاریخ اور ثقافت پر تحقیقی کوششوں میں تیزی پیدا کرنا اور ایسی کوششوں کو جدید علمی، سائنسی اور فنی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا۔

2۔ بلوچی زبان کی تصانیف اور شہہ پاروں کو دوسری زبانوں میں اور دوسری زبانوں کے معیاری ادب کو بلوچی میں منتقل کرنا۔

3۔ بلوچستان کی تاریخ، جغرافیہ، ثقافت اور زبان وادب سے متعلق نادر نسخہ جات جمع کرنا، شائع کرنا اور اگر یہ دوسری زبانوں میں ہوں تو انہیں بلوچی زبان میں ترجمہ کرنا۔

4۔ بلوچی کی مختلف اصناف شعروادب، لغت، ضرب الامثال، روایات، داستان و حکایات وغیرہ کو محفوظ کرنا اور ان کی اشاعت کا اہتمام کرنا۔

5۔ بین الاقوامی سطح پر قائم علمی اورادبی اداروں کے ساتھ اشتراک عمل کو فروغ دینا۔اسی طرح پاکستان میں قائم، ادبی اور ثقافتی اداروں کے ساتھ علمی اورادبی مقاصد کے حصول میں اشتراک عمل کو فروغ دینا۔

6۔ ایسے اقدامات کی سعی کرنا جو اکیڈمی کے نصب العین اور اغراض ومقاصد کے حصول میں ممد ومعاون ہوں اور بلوچوں کی ثقافتی، معاشرتی، علمی اور سائنسی ترقی میں مددگار ثابت ہوں۔

باب سوئم

اکیڈمی

7- اس ادارے کا نام بلوچی اکیڈمی ہوگا جسے آئندہ اس دستور میں اکیڈمی کہا اور لکھا جائے گا۔

8- یہ ایک علمی، ادبی، ثقافتی اور تحقیقی ادارہ ہوگا۔

9- اکیڈمی قطعی طور پر غیر سیاسی ہوگی۔

10- اکیڈمی کا صدر دفتر اور ریسرچ کمپلیکس عدالت روڈ کوئٹہ میں واقع ہے۔
البتہ مجلس منتظمہ، بلوچستان، اندرون ملک یا بیرون ملک کسی بھی جگہ علاقائی دفتر یا دفاتر کھولنے کی مجاز ہوگی بشرطیکہ اس کی اجازت مجلسِ عمومی نے دی ہو۔

11- اکیڈمی کی دفتری زبان بلوچی ہوگی، اس کا تمام ریکارڈ بلوچی ہی میں مرتب ہوگا تاہم خط و کتابت حسب ضرورت انگریزی، اردو یا کسی دوسری زبان میں بھی ہوسکتی ہے۔

12- اس دستور کی نقلیں بلوچی کے ساتھ ساتھ اُردو اور انگریزی میں بھی مرتب ہوں گی۔

باب چہارم

رکنیت

13۔ (الف) بلوچستان میں یا پاکستان کے کسی بھی حصے میں رہائش پذیر وہ بلوچ جو بلوچی جانتا ہو۔ بلوچ تاریخ وثقافت سے آگاہ ہو۔ بلوچی زبان وادب کے لئے خدمات انجام دے چکا ہو اور باب اول اور باب دوئم میں درج اکیڈمی کے نصب العین اور اغراض ومقاصد سے متفق ہو، اکیڈمی کا رکن بننے کا اہل ہوگا۔ ایسے رکن کو اکیڈمی کے کسی عہدے کیلئے حق رائے دہی استعمال کرنے یا مجلس منتظمہ کے انتخابات میں امیدوار بننے کا حق حاصل ہوگا۔

(ب) کسی سیاسی پارٹی سے وابستہ شخص اکیڈمی کی رکنیت حاصل نہیں کر سکے گا۔

(ت) شق (الف) کے تحت حاصل کی گئی رکنیت مستقل ہوگی، تاوقتیکہ دستور کی دوسری دفعات کے تحت یہ رکنیت، استعفیٰ، وفات، مسلسل غیر حاضری یا عدم اہلیت کی بناء پر ختم نہ ہو یا ختم نہ کی گئی ہو۔

(ث) جو شخص شق (الف) کے تحت اکیڈمی کی رکنیت کی اہلیت رکھتا ہو اور رکنیت حاصل کرنے کا خواہاں ہو۔ مجلس منتظمہ کے دو ارکان یا مجلسِ عمومی کے پانچ ارکان کی تائید کے ساتھ اپنی رکنیت کی درخواست چیئر مین کو پیش کریگا، جسے چیئر مین مجلسِ منتظمہ کے رکمی اجلاس میں پیش کریگا اور بشرط منظوری جنرل سیکرٹری درخواست دہندہ کو فیصلہ کی تحریری اطلاع دے گا۔ رکنیت کی درخواست کی منظوری کیلئے مجلس منتظمہ کے کل ارکان کی دوتہائی اکثریت کی حمایت ضروری ہوگی۔

(ج) اکیڈمی کی رکنیت حاصل کرنے کے بعد ہر رکن پر دستور کی پابندی لازمی ہوگی۔ اور آئین کے ضمیمہ (الف) میں درج حلف نامے پر دستخط کرنا ضروری ہوگا۔

اعزازی رکنیت

14۔ (الف) ایسی معروف علمی وادبی شخصیت جو دفعہ 13 (الف) کے تحت رکنیت کا اہل نہ ہو مگر اس نے بلوچستان کی تاریخ، ثقافت، سیاست، جغرافیہ اور زبان وادب پر کسی بھی زبان میں معروف کتابیں تصنیف کی ہوں یا مضامین لکھے ہوں اور وہ شخص علمی اور ادبی حلقوں میں اچھی شہرت رکھتا ہو، اکیڈمی کا اعزازی رکن بننے کا اہل ہوگا۔

(ب) وہ بلوچ جو دفعہ 13 (الف) کے تحت رکن بننے کا اہل ہو مگر بیرون ملک مستقل طور پر رہائش پذیر ہو اور اکیڈمی کے انتخابات یا مجلس عمومی کے اجلاس میں شرکت نہ کرسکتا ہو، اکیڈمی کا اعزازی رکن بننے کا اہل ہوگا۔

(ت) وہ بلوچ جو دفعہ 13 (الف) کے تحت رکن بننے کا اہل ہو مگر ملک میں موجود ہونے کے باوجود وہ اکیڈمی کے اجلاسوں میں شرکت نہ کرسکتا ہو یا اس کی سیاسی حیثیت یا کسی اور معقول وجہ سے مستقل رکنیت نہ دی جاسکتی ہو اکیڈمی کا اعزازی رکن بن سکتا ہے۔

(ث) اعزازی رکن بننے کیلئے چیئرمین کے نام درخواست دینا ہوگی۔ یا چیئرمین از خود یا مجلس منتظمہ کے دو ارکان یا مجلسِ عمومی کے پانچ ارکان کی سفارش پر ایسے شخص کا نام اعزازی رکنیت کے لئے مجلس منتظمہ کے اجلاس میں پیش کرسکتا ہے۔ اعزازی رکن بننے کیلئے مجلسِ منتظمہ کی کل ارکان کی دو تہائی اکثریت کی منظوری ضروری ہوگی۔

(ج) ایسے شخص کو جس نے اعزازی رکنیت کے لئے خود درخواست نہ دی ہو اور اس کو رکن بنانے کی سفارش شق (ث) کے تحت کی گئی ہو، چیئرمین تحریری طور پر مجلسِ منتظمہ کے اس فیصلے سے کہ اسے اعزازی رکن بنایا جائے، مطلع کرے گا اس کی رضامندی کے بعد اس کا نام اعزازی رکنیت کے رجسٹر میں درج ہوگا۔

(ح) ذیلی شق (الف)، (ب)، (ت)، اور دفعہ 17 (الف) اور (ث) کے تحت حاصل

کی گئی رکنیت کے حامل اعزازی رکن مجلسِ منتظمہ اور مجلسِ عمومی کے کسی بھی رسمی یا غیر رسمی اجلاس میں شرکت کر سکے گا لیکن اسے رائے دہی کا حق نہیں ہوگا اور نہ ہی وہ مجلسِ منتظمہ کے کسی عہدے کے لئے امیدوار ہو سکتا ہے۔ ایسے رکن یا ارکان کی موجودگی یا غیر موجودگی مجلسِ منتظمہ یا مجلسِ عمومی کے کسی اجلاس پر اثر انداز نہیں ہوگی۔

(خ) اعزازی رکن، اکیڈمی کے نصب العین اور اغراض و مقاصد کے عملدرآمد میں مدد کیلئے مشورہ دے سکے گا اور اس طرح کے مشورے، رائے اور تبصروں کو مجلسِ منتظمہ یا مجلسِ عمومی کے اجلاس میں زیر بحث لایا جا سکے گا۔

(د) چیئرمین ایسے ارکان سے کسی بھی موضوع پر جو اکیڈمی کے مجموعی مفاد میں ہو، رائے دینے کی درخواست کر سکتا ہے اور اس طرح کی درخواست کے جواب میں موصول ہونے والی رائے، مشورہ یا تبصرہ پر مجلسِ عمومی کے اجلاس میں بحث کر سکتا ہے۔

(ذ) اعزازی اراکین کو اکیڈمی کی سرگرمیوں سے باخبر رکھنے کیلئے چیئرمین وقتاً فوقتاً مراسلے اور خطوط ارسال کر سکتا ہے۔

